# اچیئو این وائی سی

نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں کے لیے ایک مکمل رہنمائی



اردو/Urdu

NYC Department of Education

Bill de Blasio
Mayor

Richard A. Carranza
Chancellor

# PK–12

2018-2019

# فوری روابط

### طالبانہ اندراج:

ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov پر رابطہ کریں: (718) 935-3500

### خاندانی استقبالیہ مراکز

اوقات: پیر - جمعرات، صبح 8 بجے تا شام 5 بجے جمعہ، صبح 8 بجے تا دوپہر 3 بجے

**بروکلین**

- 1780 Ocean Avenue, Floor 3, Brooklyn, NY 11230
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 17, 18, 22
- 1665 St. Mark's Avenue, Room 116, Brooklyn, NY 11233
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 19, 23, 32
- 415 89 Street, Floor 5, Brooklyn, NY 11209
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 20, 21
- 29 Fort Greene Place, Brooklyn, NY 11217
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 13, 14, 15, 16

**برونکس**

- 1 Fordham Plaza, Floor 7, Bronx, NY 10458
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 7, 9, 10
- 1230 Zerega Avenue, Room 24, Bronx, NY 10462
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 8, 11, 12

**مین ہیٹن**

- 333 Seventh Avenue, Floor 12, Room 1211, New York, NY 10001
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 1, 2, 4
- 388 West 125 Street, Floor 7; Room 713, New York, NY 10027
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 3, 5, 6

**کوئنز**

- 28-11 Queens Plaza North, Floor 3, Long Island City, NY 11101
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 24, 30
- 30-48 Linden Place, Floor 2, Flushing, NY 11354
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 25, 26
- 90-27 Sutphin Boulevard, Floor 1, Jamaica, NY 11435
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 27, 28, 29

**اسٹیٹن آئلینڈ**

- 715 Ocean Terrace, Building A, Staten Island, NY 10301
  خدمات فراہم کردہ اضلاع: 31

### خاص تعلیم

- رابطہ کریں: اپنے بچے کے اسکول سے فون کریں: (718) 935-2007 یا 311

ای میل: specialeducation@schools.nyc.gov

ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/specialeducation

معذوری کے حامل طلبا کے خاندان جو چارٹر یا غیر پبلک اسکول میں جاتے ہیں، ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/special-education/help/cpse-cse.

### نقل وحمل کی خدمات

ذیل پر جائیں: optnyc.org فون کریں: (718) 392-8855

### گریڈز اور حاضری کی جانچ کریں

رابطہ کریں: آپکے بچے کے استاد سے

ذیل پر جائیں: اپنے این وائی سی اسکول اکاونٹ پر لاگ ان کرنے کے لیے mystudent.nyc*

*آپ کا اسکول ایک اکاونٹ تشکیل دینے میں اور لاگ ان کرنے میں مدد کر سکتا ہے

### غنڈہ گردی / ہراس کی شکایت کرنا

ای میل: RespectForAll@schools.nyc.gov فون کریں: 311

### مستند ٹرانسکرپٹ کی درخواست

رابطہ کریں: موجودہ یا آخری نیویارک شہر پبلک اسکول جہاں گئے تھے۔

نیویارک شہرپبلک اسکول کے موجودہ طلبا، سابقہ طلبا، اور موجودہ 18 سال سے کم عمر طلبا کے سرپرست ایک تحریری درخواست کرکے ایک مستند ٹرانسکرپٹ کی درخواست کرسکتے ہیں۔

ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/school-life/learning/students-records-and-transcripts

### انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے مدد

ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/ell فون کریں: (212) 323-9559

ای میل: ellfamilies@schools.nyc.gov

### ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات

رابطہ کریں: اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا پرنسپل سے گفتگو کی ہے۔

فون کریں: (718) 935-2013 ای میل: hello@schools.nyc.gov

### اسکول بند ہونا

موسم یا ہنگامی صورت حال میں اسکول بند ہونے بارے میں مزید معلومات کے لیے:

ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov ٹوئیٹر: twitter.com/nycschools

فیس بک: facebook.com/nycschools فون: 311

### بچے کے ساتھ بد سلوکی کی شکایت کرنا

فون کریں: نیو یارک ریاست ہاٹ لائن: 1-800-342-3720 ذیل پر جائیں: nyc.gov/acs

اسکول کا تمام تعلیمی اور غیر تعلیمی عملہ بچے پر زیادتی کے مجاز رپورٹرز ہیں۔ مزید جاننے کے لئیے ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/school-life/special-situations/child-abuse

## رابطے میں رہیں

### ای میل

خبروں، اندراج، آخری تواریخ، سرگرمیوں اور موسم سے متعلقہ نظام الاوقات میں تبدیلی کے بارے میں باقاعدہ ای میل انتباہ کے لیے schools.nyc.gov/subscribe پر سائن اپ کریں۔

### 311 اور SMS (ٹیکسٹ میسیج)

- اگر آپکے اسکول کے متعلق مزید سوالات ہیں تو 311 سے رابطہ کریں۔
- تازہ ترین خبریں موصول کرنے کے لیے 877-877 پر "nycschools" ٹیکسٹ کریں۔

* پیغام اور ڈیٹا کے ریٹ کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

### سوشل میڈیا

نیو یارک شہر کے اسکولوں کے بارے میں لمحہ بہ لمحہ، ہر منٹ کی خبروں کے لیے بشمول اسکول بند ہونے، اہم تواریخ، سرگرمیوں اور آخری تواریخ اور معلومات کے لیے ہمیں ذیل پر لائیک کریں facebook.com/nycschools اور ہمیں twitter.com/nycschools پر فالو کریں

### The Morning Bell

DOE کا ایک سرکاری بلاگ ہے! ہمیں morningbellnyc.com پر بُک مارک کریں، اور شہر کے اسکولوں، انٹرن شپس، کیلنڈر میں ترمیمات، اور طلبا اور عملے کے بارے میں مزید جاننے کے لیے جو ہمارے اسکولوں کو بہتر بناتے ہیں، اس پر واپس آئیں۔

# 2018-2019 اسکول کیلنڈر

| | |
|---|---|
| **5 ستمبر** | **اسکول کا پہلا دن**<br>صرف غیر ضلع 75 کے کنڈرگارٹن کے طلبا کی جلدی برخاستگی۔<br>پری کنڈرگارٹن پبلک اسکول طلبا کے لیے جزوی اسکول وقت۔ |
| **6 ستمبر** | غیر ضلع 75 پری کنڈرگارٹن کے طلبا کے لیے پہلا مکمل دن۔<br>پری کنڈرگارٹن پبلک اسکول طلبا کے لیے جزوی اسکول وقت۔ |
| **10-11 ستمبر** | روش ہشانہ (اسکول بند ہونگے) |
| **13 ستمبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:*<br>ایلیمنٹری اسکول — شام |
| **19 ستمبر** | یوم کیپور (اسکول بند ہونگے) |
| **20 ستمبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:*<br>مڈل اسکول — شام |
| **26 ستمبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:*<br>ہائی اسکول — شام |
| **8 اکتوبر** | کولمبس ڈے منایا جاتا ہے (اسکول بند ہونگے) |
| **6 نومبر** | یومِ انتخابات<br>طلبا اسکول نہیں آئیں گے۔<br>چانسلر کا عملے کے لیے پیشہ ورانہ فروغ کا دن۔ |
| **12 نومبر** | ویٹرنز ڈے منایا جاتا ہے<br>(اسکول بند ہونگے) |
| **14-15 نومبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:*<br>الیمنٹری اسکول |
| **19-20 نومبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:*<br>ضلع 75 اسکول پروگرامز |
| **22-23 نومبر** | تھینکس گیونگ کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| **27-28 نومبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* مڈل اسکول |
| **29-30 نومبر** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* ہائی اسکول |
| **24 دسمبر – 1 جنوری** | موسم سرما کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| **2 جنوری** | اسکول دوبارہ کھلے گا |
| **21 جنوری** | ڈاکٹر مارٹن لوتھر کنگ جونیئر ڈے<br>(اسکول بند ہونگے) |
| **28 جنوری** | چانسلر کا کانفرنس کا دن<br>ہائی اسکول کے لیے<br>ہائی اسکول کے طلبا اسکول نہیں آئیں گے ماسوائے جو ضلع 75 کے پروگراموں میں مندرج ہیں۔ |
| **29 جنوری** | ہائی اسکول کے طلبا کے لیے موسم بہار کی ٹرم کا آغاز ہو گا |
| **5 فروری** | نیا قمری سال (اسکول بند ہو نگے) |
| **18-22 فروری** | وسط موسم سرما کی تعطیلات<br>(اسکول بند ہونگے) |
| **4-5 مارچ** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* ضلع 75 اسکول پروگرامز |
| **7-8 مارچ** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* ہائی اسکول |
| **13-14 مارچ** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* الیمنٹری اسکول |
| **26-27 مارچ** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* مڈل اسکول |
| **19-26 اپریل** | موسم بہار کی تعطیلات (اسکول بند ہونگے) |
| **9 مئی** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* ہائی اسکول — شام |
| **15 مئی** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* ایلیمنٹری اسکول — شام |
| **16 مئی** | والدین اساتذہ کانفرنسیں:* مڈل اسکول — شام |
| **27 مئی** | میموریئل ڈے (اسکول بند ہونگے) |
| **4 جون** | عید الفطر (اسکول بند ہونگے) |
| **6 جون** | سالگرہ کا دن<br>طلبا اسکول نہیں آئیں گے۔<br>چانسلر کا عملے کے لیے پیشہ ورانہ فروغ کا دن۔ |
| **11 جون** | جون کلیریکل ڈے<br>ایلیمنٹری اسکول، مڈل اسکول اور D75 کے طلبا اسکول میں حاضر نہیں ہوں گے۔ |
| **26 جون** | **تمام طلبا کے لیے آخری دن**<br>جلدی برخاستگی |

***والدین اساتذہ کانفرنس کی تواریخ شہر پیما ہیں۔ تاہم، اسکول کانفرنسوں کا انعقاد متبادل تواریخ کو کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ مخصوص جدول کے لیے اپنے اسکول سے رجوع کریں۔ امتحان کی تواریخ اور دیگر کیلنڈرز کے لیے براہ مہربانی schools.nyc.gov/calendar پر جائیں۔**

# اس رہنمائی میں . . .


**صفحہ 1 چانسلر کی جانب سے ایک پیغام**

**صفحہ 2 اسکول ایک جھلک میں**
- نیویارک شہر اسکول: ہمیشہ سے زیادہ بہتر
- سب کے لیے مساوات اور عمدگی

**صفحہ 5 نیو یارک شہر اسکولوں میں اندراج کروانا**
- 3-K
- پری کنڈرگارٹن
- الیمنٹری
- ہنر مند اور قابل پروگرام
- مڈل اسکول
- ہائی اسکول
- چارٹر اسکولز

**صفحہ 9 شہر کے اسکولوں میں کون سا فرد کیا ہے**
- اسکول میں قائم عملہ
- ضلع میں قائم عملہ

**صفحہ 11 طالبانہ تدریس کی معاونت**
- روزانہ مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اساتذہ کے ساتھ کام کریں
- PA/PTAs کے ایک سرگرم عمل رکن بنیں
- اسکول بعد پروگرام کے لیے درخواست دیں
- کالج اور طرز معاش کے لیے تیاری
- طالب علم کی پیش رفت کی نگرانی کریں

**صفحہ 15 معاونتیں اور خدمات**
- صحتیاتی خدمات
- خاص تعلیم
- انگریزی زبان متعلمین
- ترجمہ اور ترجمانی
- شہر کے اسکولوں تک نقل و حمل
- سمر ان دا سٹی
- نقل وطن خاندانوں کی اعانت
- بے گھر طلبا اور عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا
- اسکول کے کھانے

**صفحہ 21 نظم و ضبط اور تحفظ**
- ضابطہ انضباط
- طلبا کو محفوظ رکھنے کے لیے
- سوشل میڈیا رہنما خطوط
- سیل فون پالیسی
- سب کے لیے احترام کو یقینی بنانا

**صفحہ 23 طلبا کیا سیکھ رہے ہیں؟**
- 3-K
- پری کنڈرگارٹن
- الیمنٹری اسکول
- مڈل اسکول
- ہائی اسکول

**صفحہ 29 سندیافتہ ہونے کے دیگر طریقے**
- تبادلہ اسکول / نوبالغ برو مراکز
- ڈپلومہ متبادلات

**صفحہ 30 کالج کے لیے منصوبہ بندی**
- ذاتی کوائف (ریزومے) تیار کرنا
- ڈپلومہ تصدیقات
- کالج میں داخلے کا امتحان
- مالی امداد
- کالج کے اخراجات کو سمجھنا

**صفحہ 35 کمرہ جماعت کے باہر تعلیم**
- کھیلوں میں حصہ لیں
- گھر پر علم حاصل کریں
- نیو یارک بطور اپکا کلاس روم
- IDNYC کے لیے درخواست دیں
- این وائی سی ریڈز 365

**صفحہ 37 اپنے حقوق کو جانیئے۔**
- طالب علم کے ووٹ دینے کے حق کا نوٹس
- رازداری کے حقوق کا وفاقی نوٹس

**صفحہ 39 مشمولات**

# چانسلر کی جانب سے ایک پیغام



عزیز والدین:

آپ کو نئے تعلیمی سال میں اور اس سال کی اشاعت اچیو این وائی سی میں آپ کا خیر مقدم کرنا میرے لیے باعثِ مسرت ہے۔

آپ کے چانسلر کے بطور خدمات انجام دینا میرے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ مجھے اپنی ملازمت پر صرف پانچ مہینے ہی گزرے ہیں، لیکن میں نے درجنوں کلاس رومز کا دورہ کیا ہے— اور ایک مضبوط عوامی تعلیم کا براہِ راست مشاہدہ کیا ہے۔ میں آپ جیسے سیکڑوں والدین سے ملا ہوں اور آپ کے بچوں اور ہمارے اسکولوں کے بارے میں آپ کی امیدوں کے بارے میں سنا ہے۔

آپ میں سے بہت سے ابھی مجھے نہیں جانتے ہیں، میں اپنی زندگی اور اپنے کرئیر کے بارے میں چند الفاظ کہنا چاہتا ہوں۔ میں Tucson, Arizona میں پلا بڑھا، ایک دھات شیٹ کا کام کرنے والے اور ہیئر ڈریسر کا بیٹا۔ میرے جدی والدین نے میکسیکو سے ترک وطن کیا تھا، اور میرا خاندان گھر پر صرف ہسپانوی بولتا تھا—پرورش پاتے ہوئے، میرے جڑواں بھائی اور میں نے کنڈرگارٹن تک انگریزی نہیں سیکھی تھی۔ میرے والدین کبھی کالج نہیں گئے، لیکن نیویارک شہر کے ہزاروں والدین کی مانند، وہ جانتے تھے کہ انکے بچوں کے لیے پیش رفت کی راہوں میں تعلیم شامل ہونا لازمی ہے۔ میں نے اپنی تدریسی زندگی کی شروعات تقریباً 30 سال قبل اسی پبلک ہائی اسکول سے کی جس نے مجھے کالج کے لیے تیار کیا تھا۔ اپنی ملازمت کے دوران، میں نے Tucson میں بطور ہائی اسکول دولسانی استاد اور پرنسپل کے؛ Las Vegas میں علاقائی مہتمم، اور San Francisco اور Houston میں مہتمم کے بطور خدمات انجام دی ہیں۔ میں نے اپنی زندگی عوامی تعلیم کے لیے وقف کی ہے؛ یہ بہترین تحفہ ہے جو مجھے ملا ہے اور بہترین تحفہ جو میں دے سکتا ہوں۔

بطور چانسلر، میں اپنے طلبا اور اسکولوں کے ذریعے پہلے سے کیے جانے والے شاندار کام کو آگے بڑھانے کا عہد کرتا ہوں۔ میئر Bill de Blasio کے زیرِ قیادت، ہمیشہ سے زیادہ طلبا ہائی اسکول سے سندیافتہ ہو رہے ہیں، اور ریکارڈ تعداد میں کالج میں جا رہے ہیں۔ اسکے علاوہ، نیویارک ریاست کے معیاراتی امتحانات میں ہمارے طلبا کے اسکورز 2017 میں بڑھتے رہے ہیں، اور **سب کے لیے مساوات اور عمدگی** لائحہ عمل جو شہر نے 2015 میں متعارف کروایا تھا وہ ان حصولیابیوں کی بنیاد پر مزید آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارے اسکول خاندانوں کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے بھی کام کر رہے ہیں۔ ہمارے اسکولوں کی کاوشوں کے طفیل سے شہر کے زیادہ تر والدین، **والدین اساتذہ کانفرنسوں** میں شرکت کررہے ہیں، اسکول میں ہونے والی تقریبات میں حصہ لے رہے ہیں، اور **شہرپیما اور اجتماعی تعلیمی کونسلوں** کے لیے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ **نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ، اسکول کوالٹی اسنیپ شاٹ/ رہنما کتابچوں، اسکول کارکردگی ڈیش بورڈز**، اور **نیویارک شہر اسکول فائنڈر** ٹول کی مدد سے والدین کے پاس اپنے بچوں کی کلاسوں، اسکولوں، اور سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کے بہتر طریقے ہیں، اور ہمارا فیس بک، ٹوئٹر، اور انسٹاگرام اکاؤنٹس، اور ہمارا بلاگ، **The Morning Bell**، خاندانوں کو اپنے بچوں کی تعلیم سے باخبر رہنے کے اور بھی زیادہ ذرائع فراہم کرتے ہیں۔

خاندانوں کے لیے شہر کے اسکولوں کے بارے میں جاننے کا شاید سب سے بہترین ذریعہ وہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اچیئو این وائی سی کے ذریعے آپ DOE کی پالیسیوں، اسکول کیلنڈر، وسائل، خدمات، پروگرامز، تعلیمی توقعات، داخلہ کے طریقِ کار، سندیافتگی کے مطلوبات، کالج کے لیے مالی امداد، اور بہت کچھ کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

نیویارک شہر میں اپنا پہلا مکمل تعلیمی سال شروع کرتے ہوئے، میں آپ میں سے متعدد کے ساتھ ملنے اور کام کرنے کا متمنی ہوں۔ DOE کی طرف سے، میں آپ اور آپکے بچوں کے لیے ایک عمدہ اور کامیاب تعلیمی سال کے لیے دعاگو ہوں!

مخلص،



Richard A. Carranza

نیویارک شہر اسکول چانسلر

1,800 سے زائد اسکولوں، اور 140,000 ملازمین کے ساتھ 11 لاکھ طلبا کو خدمات فراہم کر کے **نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE)** ریاستہائے متحدہ کا سب سے بڑا اسکولی نظام ہے۔ DOE کی قیادت **چانسلر** کے ذریعے کی جاتی ہے، جن کی تعیناتی شہرپیما تعلیمی پالیسیوں کا تعین کرنے اور ان کی رہنمائی کرنے میں مدد کرنے کے لیے نیو یارک شہر کے میئر کے ذریعے کی جاتی ہے۔ چانسلر کے ساتھ ساتھ، ان کی قیادتی ٹیم، پری کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 کے شہر کے پبلک اسکولوں کی کارکردگی اور پیش رفت کے لیے ذمہ دار ہیں۔ **پینل برائے تعلیمی پالیسی (PEP)** بھی DOE کی حکومتی ساخت کا حصہ ہے۔ اہم تعلیمی پالیسیوں، معاہدوں، ضوابط، اور اسکولوں کے مصرف میں تبدیلیوں کا PEP کو پیش کیا جانا اور پھر ان کے ذریعہ منظور کیا جانا لازمی ہے۔

# 74.3%

## اعلی ترین

### سندیافتگی کی شرح

2014 سے 5.8 فیصد پوائنٹ کا اضافہ

## نیویارک شہر اسکول: ہمیشہ سے بہتر

پانچ سال قبل، میئر Bill de Blasio اور سابقہ چانسلر Carmen Fariña، نے نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے لیے ایک نیا نظریہ خاکہ کش کیا تھا: ایک ایسا اسکولی نظام تشکیل دیں جو تمام طلبا کو انکی بہترین استعداد کے لیے تیار کرے، اس سے قطع نظر کہ وہ کون ہیں، کہاں رہتے ہیں، اور وہ کون سی زبان (زبانیں) بولتے ہیں۔

آج جبکہ DOE میئر اور سابقہ چانسلر کے ابتدائی نظریے کی تکمیل کرنے کے قریب تر ہے، طلبا اور ان کے خاندان DOE کی اجتماعی کاوشوں کے عمدہ نتائج کو دیکھ اور محسوس کر رہے ہیں۔ ہر پیمانے پر، شہر کے اسکول ہمیشہ سے زیادہ کامیاب ہیں۔ ہائی اسکول سندیافتگی کی شرحیں اب اعلی ترین ہیں، اسکول چھوڑنے کی شرحیں ہمیشہ سے کم ہیں، شہر کے زیادہ طلبا کالج جا رہے ہیں، اور نیویارک کے مکینوں کی ایک نئی نسل ایسے شہر میں پرورش پا رہی ہے جہاں ابتدائی طفلی تعلیم ایک معمول بنتی جارہی ہے۔

یہ شہر کے اسکولوں اور طلبا کے لیے ولولہ انگیز وقت ہے، اور DOE ہر خاندان کو ہر مضافات میں اعلی معیار کے پبلک اسکولوں تک رسائی فراہم کرنا جاری رکھے گا۔



## سب کے لیے مساوات اور عمدگی

2015 کے موسم خزاں میں میئر Bill de Blasio اور چانسلر Carmen Fariña نے شہر کے پبلک اسکولوں کے طلبا کے لیے پُرعزم اہداف کے ساتھ شہر کا **سب کے لیے مساوات اور عمدگی** کے لائحہ عمل کا خاکہ پیش کیا تھا—2026 تک شہرکے 80 فیصد طلباء ہائی اسکول سے وقت پر سندیافتہ ہوں گے، اور شہر کے دو تہائی سندیافتگان کالج کی سختیوں کو جھیلنے کے لیے تیار ہوں گے۔ ان اہداف کی تکمیل کے لیے DOE اور میئر نے مندرجہ ذیل اقدامات کا خاکہ وضع اور نافذ کیا:

### 3-K/پری کے فار آل

خزاں 2014 میں، نیویارک شہر نے اپنے **پری کے فار آل** مہم کے ذریعے شہر کے ہر چار سالہ بچے کے لیے مفت، فُل ڈے **پری کنڈرگارٹن (pre-k)** کو متعارف کروا کر قومی معیار قائم کیا ہے۔ پری کے فار آل کے توسط سے، شہر کے موجودہ 100,000 سے زائد K-5 طلبا کامیابی کے لیے اب اور مستقبل میں بہتر طور پر مستعد ہیں۔

پری کے فار آل کی کامیابی کو ذہن میں رکھتے ہوئے، خزاں 2017 میں، DOE نے **3-K فار آل** مہم کو متعارف کروایا، جو کہ شہر کے تین سالہ بچوں کے لیے ایک مفت، فُل ڈے، اعلی معیار کا ابتدائی طفلی تعلیمی پروگرام ہے۔ دو اسکولی اضلاع میں متعارف یہ پروگرام جب سے وسیع ہوچکا ہے اور اب چھ اضلاع میں تین سالہ بچوں کو مضبوط تعلیمی اور سماجی صلاحیتیں فراہم کررہا ہے، آنے والے تعلیمی سالوں میں مزید توسیع ہوگی۔

خزاں 2021 تک، شہر 12 اسکولی اضلاع میں تقریباً 19,000 3-K نشستوں کی معاونت کرے گا۔ تمام اسکولی اضلاع میں 3-K فراہم کرنے کے لیے، DOE کو ریاستی اور وفاقی سطح پر شراکت دارین سے اضافی اعانت درکار ہوگی۔

schools.nyc.gov/3k پر 3-K کے بارے میں مزید جانیے۔





## اسکول چھوڑنے کی کم ترین شرح

# 7.8%

کم ہوئی

2014 سے 1.8 فیصد پوائنٹ کی کمی

### عالمی خواندگی

مخصوص اضلاع کے ایلیمنٹری اسکول محنتی مطالعاتی اتالیق سے اعانت موصول کررہے ہیں جو یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں کہ تمام طلبا دوسرے گریڈ کے اختتام تک گریڈ کی سطح پر مطالعہ کررہے ہوں۔ پچھلے تعلیمی سال میں، 242 **عالمی خواندگی** مطالعاتی اتالیق نے 14 اسکولی اضلاع کے 305 ایلیمنٹری اسکولوں میں معاونت کی تھی بشمول برونکس کے تمام اضلاع کے۔ محکمۂ تعلیم (DOE) کا ہدف یہ ہے کہ 2026 تک دوسرے گریڈ میں 100 فیصد خواندگی ہو۔

### الجبرا فار آل

شہر کے تمام طلبا نویں گریڈ تک الجبرا کامیابی سے مکمل کر لیں گے؛ یہ طلبا کی ہائی اسکول میں ریاضی کے مزید برتر کورسز لینے میں مدد کرے گا، جو ان کو کالج کے لیے بہتر طور پر مستعد کریں گے۔ 2017 تک، 357 ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں تقریباً 900 اساتذہ نے اپنی ریاضی کی تدریس کو مستحکم کرنے کے لیے تربیت حاصل کی تھی۔

### اے پی فار آل

**ایڈوانسڈ پلیسمنٹ** (AP) کورسز طلبا کو ابتدائی عمر میں ہی کالج کی سطح کی تعلیم، مفوضہ کام اور کریڈٹ موصول کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ 2018 کے خزاں تک، شہر کے 75% ہائی اسکول کے طلبا کو کم سے کم پانچ AP کورسز کی پیشکش کی جائے گی، اور 2021 کے خزاں تک، تمام ہائی اسکولوں کے طلبا کو۔

### کمپیوٹر سائنس فار آل

2025 تک، شہر کے پبلک اسکولوں کے طلبا اسکول کی تمام سطوح پر پُرمعنی، اعلی معیار کی کمپیوٹر سائنس کی تعلیم موصول کریں گے۔ 2017 تک، 524 ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں تقریباً 940 اساتذہ نے کمپیوٹر سائنس میں تربیت حاصل کی ہے۔


schools.nyc.gov پر **"کمپیوٹر سائنس فار آل"** کے لیے سرچ کرکے مزید جانیں۔

### سنگل شیپرڈ

یہ پروگرام اضلاع 7 اور 23 میں گریڈز 12-6 کے ہر طالب علم کو محنت کش اسکولی مشیران کے ساتھ ملاتا ہے جو سندیافتگی اور کالج میں داخلے کے لیے مدد فراہم کرتے ہیں۔ پچھلے سال 140 **Single Shepherds** نے 49 مڈل اور ہائی اسکولوں میں 15,000 طلبا کو خدمات فراہم کیں۔

**2014 سے تمام نسلی گروہوں میں سندیافتگی کی شرح میں اضافہ**

ایشیائی: **5.0 پوائنٹس** | سیاہ فام: **6.2 پوائنٹس** | ہسپانوی: **6.9 پوائنٹس** | سفید فام: **2.6 پوائنٹس**




➤ schools.nyc.gov پر "Single Shepherd" کے لیے سرچ کرکے مزید جانیں۔

### کالج ایکسیس فار آل — مڈل اسکول

تعلیمی سال 19–2018 کے آخر تک، شہر میں مڈل اسکول کے ہر طالب علم کو کالج جانے کی ثقافت سے متعارف کرایا جائے گا اور انہیں گریڈز 8–6 میں کم از کم ایک بار کالج کیمپس کا دورہ کرنے کا موقع ملے گا۔

### کالج ایکسیس فار آل — ہائی اسکول

تعلیمی سال 19–2018 کے آخر تک، شہر کے پبلک ہائی اسکول کے تمام طلبا کالج اور طرز معاش کے ایک انفرادی منصوبے کے ساتھ سندیافتہ ہوں گے اور ان کو ایسے وسائل اور رہنمائی تک رسائی حاصل ہو گی جو ان کی پیش رفت میں ان کی معاونت کرے گی۔

### ضلع - چارٹر شراکتیں

ضلع اور چارٹر اسکول زیادہ مستحکم تعلقات کو فروغ دینے اور بہترین طریقِ کار اور وسائل کا اشتراک کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ 2017 میں، 120 اضلاع اور چارٹر اسکولوں نے ایک دوسرے کے ساتھ الحاق کیا تھا۔

### کمیونٹی اسکولز

**کمیونٹی اسکولز** تعلیمات کو صحت اور بہبود کی خدمات، نوجوانوں کی ترقی، صلاح کاری اور نجی تدریس، توسیعی تعلیمی مواقع، خاندان/برادری میں سرگرمی اور تعلیمِ بالغان پروگراموں سے مربوط کرتے ہیں 2017 میں 227 کمیونٹی اسکولوں نے اپنے طلبا کو کلاس روم کے اندر اور باہر معاونتیں فراہم کی تھیں۔

➤ schools.nyc.gov/communityschools پر کمیونٹی اسکولوں کے بارے میں مزید جانیے۔

### تجدید/رائز اسکول پروگرام

**اسکول تجدید پروگرام** شہر کے دشواری سے دوچار اسکولوں کو ایسی امتیازی اعانت فراہم کرتا ہے جو طلبا اور اہل خانہ کی ضروریات کو ہر ایک اسکول کی بہتری کی جدوجہد کا مرکز بناتا ہے۔ اسکول تجدید پروگرام کے لیے منتخب اسکولوں کو کمیونٹی اسکولوں میں تبدیل کر دیا جاتا ہے تاکہ یہ طلبا اور ان کے اہل خانہ کو بہتر طور پر خدمات فراہم کر سکیں۔

تعلیمی سال 19–2018 میں شروع، 21 تجدید کردہ اسکول جنہوں نے متعدد پیمانوں پر کچھ کامیابی کا مظاہرہ کیا ہے، بشمول سندیافتگی کی شرح، کالج کے لیے مستعدی، ریاستی امتحانات کے اسکورز اور حاضری، وہ **رائز اسکول پروگرام** میں تبدیل ہورہے ہیں۔ رائز اسکول کمیونٹی اسکول ہی رہیں گے اور کمیونٹی اسکولز پروگرام کے تحت اعانت موصول کرنا جاری رکھیں گے، لیکن تدریس کو مستحکم کرنے اور تمام طلبا کے لیے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے مزید وسائل موصول کریں گے۔

➤ schools.nyc.gov/renewalschools پر تجدید کردہ اسکولوں کے بارے میں مزید جانیں۔

**نیویارک شہر اسکولوں میں اندراج کروانا:** نیویارک شہر میں رہنے والے طلبا کو پانچوں بروز میں عمدہ اسکولوں تک رسائی حاصل ہے۔ چاہے آپ اپنے بچے کو 3-K یا پری کنڈرگارٹن پروگرام، ایلیمنٹری اسکول، مڈل اسکول یا ہائی اسکول میں داخل کروانے کے خواہاں ہیں، شہرپیما مثالی اسکولوں کے انتخابات دستیاب ہیں۔

وہ طلبا جو اندراج کروانا چاہتے ہیں وہ براہِ راست اپنے زون کے اسکول سے رابطہ کرسکتے ہیں، اگر انکا کوئی زون اسکول ہے؛ بصورتِ دیگر، وہ مزید انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے **خاندانی استقبالیہ مرکز** سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ ہائی اسکول کی عمر کے تمام طلبا کو ہائی اسکول میں اندراج کروانے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں ضرور جانا چاہیئے۔

خاندانی استقبالیہ مراکز کی ایک فہرست کے لیے، اچیو کے سرورق کے اندر "فوری روابط" کا جز ملاحظہ کریں۔



## 3-K

**3-K فار آل** شہر کے تین سالہ بچوں کو مفت، فُل ڈے، اعلٰی معیار کی تعلیم فراہم کرتا ہے۔ فی الحال چھ اضلاع میں دستیاب، 3-K پروگرامز شہر کے سب سے کم عمر متعلمین کو ایک مستحکم بنیاد فراہم کرتا ہے جو انہیں نشوونما پانے، سیکھنے اور اپنی دنیا کی چھان بین کرنے میں مدد دے گا۔

3-K ذیل کے اضلاع میں دستیاب ہے:

- ضلع 4 (مشرقی ہارلم)
- ضلع 5 (ہارلم)
- ضلع 7 (جنوبی برونکس)
- ضلع 16 (بیڈفورڈ اسٹائی وسنٹ)
- ضلع 23 (برونسزول، ایسٹ نیویارک، اوشن ہل)
- ضلع 27 (براڈ چینل، ہاورڈ بیچ، اوزون پارک، راک اویز)

اگلے دو تعلیمی سالوں میں ہم 3-K کو ذیل میں توسیع دیں گے:

- ضلع 6 (واشنگٹن ہائٹس، ان وڈ)
- ضلع 9 (گرینڈ کونکورس، ہائی برج، موریسانیا )
- ضلع 19 (مشرقی نیویارک)
- ضلع 31 (اسٹیٹن آئلینڈ)

**2020–21**

- ضلع 12 (مرکزی برونکس)
- ضلع 29 (کیمبریا ہائٹس، ہولس، لارنٹن، کوئنز ولج)

ہم 3-K درخواست دہی کے دورانیے کی سردیوں میں کھلنے کی امید رکھتے ہیں۔ 3-K کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہماری ویب سائٹ پر جائیں، ہماری **3-K پروگرام فہرست** ملاحظہ کریں اور ہمارا **3-K فائنڈر** اپنے علاقوں میں 3-K پروگرامز تلاش کرنے کے لیے استعمال کریں: schools.nyc.gov/3k۔

## پری کنڈرگارٹن

وہ بچے جو **پری کنڈرگارٹن (pre-k)** میں شرکت کرتے ہیں وہ مسائل حل کرنا، سوالات پوچھنا اور ملکر کام کرنا سیکھتے ہیں۔ تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ ابتدائی بچپن کی تعلیم بچے کے پوری تعلیمی تجربے کی کارکردگی کو بہتر بناتی ہے۔

### پری کنڈرگارٹن داخلے کی اہم تاریخیں

#### فروری–مارچ

- ✓ ہماری ویب سائٹ پر جائیں، **Pre-K ڈائریکٹری** کا جائزہ لیں اور اپنے علاقے میں پری کنڈر گارٹن پروگراموں کی تحقیق کرنے کے لیے **Pre-K فائنڈر** کو استعمال کریں schools.nyc.gov/prek۔
- ✓ دلچسپی کے پروگراموں کے لیے اوپن ہاؤسیز میں شرکت کریں۔ تواریخ اور مقامات کو محکمۂ تعلیم پری کنڈرگارٹن کے ویب پیج پر شائع کیا جائے گا۔
- ✓ آخری تاریخ سے قبل مین راؤنڈ درخواست کو مکمل کریں۔

#### اپریل–مئی

- ✓ اگر ضرورت ہو تو تاخیر سے درخواست داخل کریں۔ (وہ خاندان جو تاخیر سے درخواست جمع کروائیں گے انہیں مئی میں پیشکش کا خط موصول نہیں ہوگا۔)
- ✓ وہ خاندان جو مین راؤنڈ میں درخواست جمع کروائیں گے وہ پیشکش کے خطوط موصول کریں گے۔ ایک پیشکش قبول کرنے کے لیے، پیشکش کرنے والے اسکول جائیں اور آپ کے پیشکش کے خط پر دی گئی آخری تاریخ تک بذاتِ خود پیشگی رجسٹر کروائیں۔ اگر آپکو آپ کے ترجیحی پری-کے پروگرام کے لیے منتظرین کی فہرست میں ڈالا گیا ہے، آپ اپنے پیشکش خط پر دیے گئے کسی بھی پروگرام کے لیے ابھی بھی پری رجسٹر کرسکتے ہیں۔

#### مئی–اکتوبر

- ✓ اگر مین راؤنڈ اور تاخیر سے درخواست دینے کا وقت گزر جاتا ہے تو انتظار کی فہرست میں درج ہونے کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام سے براہ راست رابطہ کریں۔
- ✓ نشست دستیاب ہونے کی صورت میں انتظار کی فہرست کی پیشکش کی جاتی ہے۔
- ✓ اضافی پروگرام دستیاب ہو سکتے ہیں۔
- ✓ اگر آپ کوئی پیشکش موصول کرتے ہیں اور آپ اس کو قبول کرنا چاہتے ہیں تو پری رجسٹر کریں۔



## ایلیمنٹری اسکول (گریڈز K-5)

بچے کنڈرگارٹن سے آغاز کرتے ہوئے اس سال ایلیمنٹری اسکول میں داخل ہونے کے اہل ہیں جس میں ان کی عمر پانچ سال کی ہو جائے۔ ہر موسم سرما میں، آنے والے تعلیمی سال کے لیے کنڈرگارٹن کی درخواستوں کو قبول کیا جاتا ہے اور ہر ایک اہل درخواست دہندہ کو ایک نشست کی ضمانت دی جاتی ہے۔

شہر کے اسکولوں میں نو وارد بچوں کا ایک ایلیمنٹری اسکول کے گریڈ K-5 میں داخل کروانے کے خواہاں والدین کو DOE کی ویب سائٹ پر **اسکول سرچ** ٹول کے ذریعے اپنے زون کے اسکول کی نشان دہی کرنی چاہیے: schools.nyc.gov/find-a-school۔

### کنڈرگارٹن
### داخلے کی اہم تاریخیں

#### ستمبر–نومبر

- ✓ اسکول سرچ ٹول یا 311 سے رابطہ کر کے اپنے زون کا اسکول تلاش کریں۔
- ✓ **کنڈرگارٹن ڈائریکٹری کا جائزہ لیں۔**
- ✓ ایلیمنٹری اسکول کے ایک معلوماتی اجلاس میں شرکت کریں۔
- ✓ اوپن ہاؤس اور دورے کی تواریخ کے لیے اسکولوں سے رابطہ کریں۔

#### دسمبر–جنوری

- ✓ اہم تواریخ اور داخلے کی معلومات کے لیے آن لائن جائیں: schools.nyc.gov/kindergarten۔
- ✓ اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست جمع کروائیں۔

#### مارچ–ستمبر

- ✓ کنڈرگارٹن کی ایک تقرری موصول کریں (مارچ میں)
- ✓ مقررہ آخری تاریخ تک پری رجسٹر کریں۔
- ✓ نشست دستیاب ہونے کی صورت میں انتظار کی فہرست کی پیشکش کی جاتی ہے۔

## ہنرمند اور قابل پروگرام

**ہنرمند اور قابل** (G&T) پروگرام ایلیمنٹری اسکول کے ممتاز طلبا کو تیز تر، کڑی اور متخصص تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ K–3 میں داخل ہونے والے طلبا G&T داخلوں کی کارروائی میں شرکت کے اہل ہیں، جس میں ایک G&T تشخیص شامل ہے۔

➤ schools.nyc.gov پر "ہنرمند اور قابل" کے لیے تلاش کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔

## مڈل اسکول (گریڈز 6-8)

K–5 ایلیمنٹری اسکول کے پانچویں گریڈ کے طلبا کو اگلے سال چھٹے گریڈ میں جانے کے لیے مڈل اسکول کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو گی۔ K-6 اسکولوں میں چھٹے گریڈ کے طلبا کو بھی ایک مڈل اسکول کی درخواست مکمل کرنا درکار ہوگا۔

➤ schools.nyc.gov/middle پر مڈل اسکول اندراج کے بارے میں مزید جانیں۔

### مڈل اسکول
### داخلے کی اہم تاریخیں

#### ستمبر–اکتوبر

- ✓ schools.nyc.gov/middle پر **مڈل اسکول ڈائریکٹری** کا یا شہر کے ایک ایلیمنٹری اسکول میں جائزہ لیں۔
- ✓ مڈل اسکول کے انتخابات اور امتحان کے لیے درخواست (RFT) پر بات چیت کرنے کے لیے اسکول مشیر کے ساتھ ملاقات کریں۔
- ✓ اسکولوں کے اوپن ہاؤس یا معلوماتی اجلاس کے بارے میں جاننے کے لیے اسکول سے براہ راست رابطہ کریں؛ ضلعی مڈل اسکول میلوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کریں۔

#### نومبر–دسمبر

- ✓ اپنے بچے کے اسکول مشیر سے مڈل اسکول کی انفرادی درخواست موصول کریں۔
- ✓ اپنی مڈل اسکول درخواست کو جمع کروائیں۔

#### دسمبر–فروری

- ✓ اسکولوں کے لیے داخلے کے کسی بھی تقاضوں کو پورا کریں، بشمول آڈیشن، انٹرویو، تشخیصات یا پورٹ فولیو کے۔

#### مارچ–اپریل

- ✓ نئے مڈل اسکول پروگراموں کے لیے درخواست دیں (اگر قابل اطلاق ہو)
- ✓ اپنے مڈل اسکول میچ (اپریل میں) موصول کریں۔
- ✓ اگر آپ اپنے میچ کی اپیل کرنا چاہتے ہیں تو اپیل کی ایک درخواست مکمل کریں۔

#### مئی–جون

- ✓ اپنی اپیل کی درخواست کا فیصلہ موصول کریں۔



## ہائی اسکول (گریڈز 9-12)

آٹھویں گریڈ کے دوران، طلبا کو ان ہائی اسکولوں میں داخلے کی درخواست دینی ہوگی جن میں وہ تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ طلبا شہر کے 400 سے زیادہ ہائی اسکولوں میں سے تقریباً سبھی میں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ بہت سے اسکولوں میں جانچ پروگرامز ہیں جو ذیل میں سے ایک یا زیادہ کی بنیاد پر درخواست دہندگان کی تشخیص کرتے ہیں: کورس کے گریڈ، **نیویارک ریاست فنون انگریزی زبان ELA اور ریاضی امتحانات**، حاضری، تحریر کے نمونے، انٹرویو، گروپ کی سرگرمیاں، تعلیمی پورٹ فولیو، آڈیشن اور/یا آن لائن سرگرمیاں۔ کچھ پروگرامز آڈیشن کا تقاضا کرتے ہیں، اور دیگر طالب علم کے جائے رہائش یا وہ اسکول کہاں پر جاتے ہیں کی بنیاد پر جغرافیائی ترجیحات رکھ سکتے ہیں۔

### ہائی اسکول داخلے کی اہم تاریخیں

#### ستمبر–اکتوبر

- ✓ DOE کی **ہائی اسکول ڈائریکٹری** اور **متخصص ہائی اسکول طالبانہ دستی کتابچے** کا مطالعہ کریں جو مڈل اسکولوں یا ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہے(schools.nyc.gov/high)۔ طلبا 12 اسکولوں تک کی نشان دہی کر سکتے ہیں جہاں وہ تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں اور کسی بھی چھان بین یا آڈیشن پروگراموں کے تقاضوں کی تصدیق کر سکتے ہیں۔
- ✓ دلچسپی، جغرافیائی علاقے، فاصلے، اور داخلے کے طریق کار کی بنیاد پر اسکولوں کا انتخاب کرنے کے لیے DOE کے آن لائن ٹول، (schoolfinder.nyc.gov) **NYC School Finder**، کو استعمال کریں۔ نقشوں کے لنک اہل خانہ کو گھر سے اسکول تک سفر کے وقت کی جانچ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔
- ✓ ہائی اسکول کی درخواست دینے کے طریق کار کے ساتھ ساتھ متخصص ہائی اسکولوں کے طریق کار کے بارے میں جاننے کے لیے اسکول کے ایک مشیر کے ساتھ ملاقات کریں۔ نیو یارک شہر میں نو متخصص ہائی اسکول ہیں، طلبا فیوریلو ایچ لگوارڈیا ہائی اسکول کے چھ اسٹوڈیوز کے لیے آڈیشن، اور/یا **متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT)** دے سکتے ہیں، جس کو شہر کے دیگر آٹھ متخصص ہائی اسکولوں میں داخلے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- ✓ خاص تقریبات، اوپن ہاؤس یا طلبا کی رہنمائی کے دوروں کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے اسکول سے براہِ راست رابطہ کریں۔ شہر پیما یا برو پیما ہائی اسکول میلوں اور دیگر تقریبات میں شرکت کریں۔

#### اکتوبر–دسمبر

- ✓ طلبا اکتوبر میں راؤنڈ 1 ہائی اسکول درخواست موصول کریں گے۔ اس دورانیے کے دوران، طلبا کو اپنے پسندیدہ اسکولوں میں داخلے کے کسی بھی مطلوبات کی تکمیل کرنی چاہیے، بشمول تشخیصات، آڈیشن، انٹرویو، پورٹ فولیو، اور/یا اوپن ہاؤسز میں شرکت کے۔ طلبا کو راؤنڈ 1 کی درخواست کو دسمبر کے اوائل میں اپنے اسکولی مشیران کے پاس جمع کروانا چاہیے۔

#### مارچ

- ✓ راؤنڈ 1 فیصلے — بشمول SHSAT اسکور، اور لگوارڈیا ہائی اسکول آڈیشن کےنتائج کے — طلبا اور خاندانوں کو دیئے جاتے ہیں۔ جن طلبا نے راؤنڈ 1 ہائی اسکول پیشکش موصول نہیں کی ان کو راؤنڈ 2 میں لازماً درخواست دینی چاہیے۔ دیگر پروگراموں سے واقفیت حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والے طلبا بھی راؤنڈ 2 میں درخواست دے سکتے ہیں۔ راؤنڈ 1 کی ایک پیشکش رکھنے والے ایسے طلبا جو راؤنڈ 2 میں درخواست دیتے ہیں اور ایک میچ موصول کرتے ہیں ان کو اپنی راؤنڈ 1 کی پیشکش سے دستبردار ہونا پڑے گا۔
- ✓ راؤنڈ 2 داخلہ جاتی کاروائی کا آغاز ہو گا۔ جو طلبا اپنے راؤنڈ 1 کے میچ سے مطمئن نہیں ہیں ان کو راؤنڈ 2 میلے میں شرکت کرنی چاہیے اور مقررہ تاریخ تک راؤنڈ 2 درخواست جمع کروانی چاہیے۔

#### مئی–جون

- ✓ اہل خانہ راؤنڈ 2 کے نتائج (مئی) میں موصول کریں گے۔
- ✓ اس دورانیے کے دوران، اگر طلبا چاہیں تو ایک اپیل فارم جمع کرا سکتے ہیں۔
- ✓ اپیل کے فیصلوں کو (جون) میں تقسیم کیا جائے گا۔

ذیل پر ہائی اسکول داخلہ کارروائی کے بارے میں مزید جانیں schools.nyc.gov/high۔

نیو یارک شہر کے اسکولوں میں اندراج کروانا

## 2018 میں SHSAT میں تبدیلیاں

جبکہ امتحان کی مجموعی ترتیب 2017 کی مانند ہے، بشمول امتحانی سوالات کی نوعیت کے، خزاں 2018 سے شروع ELA جز میں دو ترمیمات ہوں گی۔ ان دونوں ترمیمات کا مقصد SHSAT کو نیویارک ریاست کے تعلیمی معیارات سے ہم آہنگی کو مستحکم کرنا ہے جو شہر کے اسکولوں میں نصاب اور تدریس کی رہنمائی کرتے ہیں:

- ترمیم/تدوین کے سوالات کی تعداد گھٹا دی جائے گی، اور مطالعاتی فہم کے سوالات کی تعداد زیادہ کردی جائے گی۔

- مطالعاتی فہم کے متن معلوماتی متن، ادبی نثری متن اور ایک نظم پر مشتمل ہوں گے۔ ان میں سے کچھ متن میں معاونتی بصری اور/یا کمیاتی گرافکس شامل ہوسکتی ہیں۔ متون میں کوئی سی بھی ایسی ذیلی اصناف شامل ہو سکتی ہیں جن کا NYC طلبا نے اپنے مڈل اسکولوں میں تجربہ کیا ہوگا۔

schools.nyc.gov پر "SHSAT" کے لیے تلاش کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔

## چارٹر اسکولز

**چارٹر اسکولز** K-12 خودمختار پبلک اسکولز ہیں جو ایک معاہدے، یا "چارٹر" کے تحت پانچ سال تک کام کرتے ہیں۔ شہر کے پبلک اسکولوں میں داخلے کے لیے کوئی بھی اہل طالب علم چارٹر اسکول میں داخلے کے لیے اہل ہے۔

حالانکہ ہمارے موجودہ 238 چارٹر اسکولز خودمختار ہیں، وہ تمام:

- ٹیوشن نہیں لیتے ہیں
- مخصوص تعلیمی اہداف کی تکمیل یا اس سے متجاوز ہونے کا عزم کرتے ہیں۔
- غیر منفعتی بورڈ آف ٹرسٹیز کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔
- باقاعدہ طور پر انکے چارٹر اختیار کنندگان کی جانب سے جائزہ لیا جاتا ہے۔

چونکہ چارٹر اسکولوں کو اپنے کلاس روم ساخت، نصابوں، پالیسیوں اور تدریسی فلسفوں میں اختراع کرنے کی آزادی ہوتی ہے، اس لیے ان کے داخلوں کی معیارات اور تعلیمی توقعات کا عمومی اطلاق کرنا مشکل ہے۔ ہر چارٹر اسکول کی اپنی داخلہ درخواست اور لاٹری ہے، اور شہر کے خاندانوں کو اختیار ہے کہ وہ جتنے چاہیں اسکولوں میں درخواست دیں۔

شہر کے چارٹر اسکولوں میں درخواست دینے میں دلچسپی رکھنے والے خاندانوں کو ہماری ویب سائٹ پر **چارٹر اسکول ڈائریکٹری** کا جائزہ لینا چاہیے۔ ڈائریکٹری کو ان اسکولوں کی نشاندہی کے لیے استعمال کریں جو آپ کے بچے کے لیے موزوں ترین ہوں، اور ہر اسکول کے نصاب اور داخلہ کے طریقِ کار کے بارے میں جاننے کے لیے ہر ایک اسکول سے انفرادی طور پر رابطہ کریں۔

schools.nyc.gov/charters پر شہر کے چارٹر اسکولوں کے بارے میں مزید جانیں۔





**آپ کے اسکول کی اہم شخصیات:** شہر کے اسکولوں کے اہلکار طلبا کی تعلیمی، جذباتی اور سماجی نشوونما میں معاونت کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ اسکول کے عملے کے کچھ ارکان ایسے ہیں جن کے ساتھ اہل خانہ کو باقاعدہ بات چیت کرنی چاہیے — لیکن کئی دیگر افراد بھی ہر ایک بچے کی تعلیم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے اسکول میں اہم افراد کے بارے میں مزید جانیں اور یہ سمجھیں کہ ان کی مدد کس وقت طلب کی جائے۔

## اسکول میں موجود عملہ

**استاد:** آپ کے بچے کی تعلیم اور گریڈز کے ساتھ ساتھ طرز عمل، سماجی اور جذباتی نشوونما کے بارے میں سوالات کے جوابات دیتا ہے۔ استاد اہل خانہ کا پہلا اور اہم بنیادی رابطے کا فرد ہوتا ہے۔ خاندان کو اپنے بچوں کے اساتذہ کے ساتھ بات چیت کرتے رہنا چاہیے۔

**والدین رابطہ کار:** اہل خانہ کو اسکولی خدمات اور پروگرام کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں، اور سوالات اور تشویشات کے جوابات دینے میں مدد کرتے ہیں۔ اہل خانہ کو والدین پر مشتمل سرگرمیوں اور مواقع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے والدین کے رابطہ کار سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**اسکول مشیر:** طلبا کو سماجی اور جذباتی معاونت کے ساتھ تعلیمی رہنمائی بھی فراہم کرتے ہیں۔ ہائی اسکول داخلوں، تعلیمی شیڈول، گریڈز، اور کالج/طرز معاش منصوبہ بندی کے بارے میں سوالات کے لیے اسکول مشیران سے بات کریں۔

**نائب پرنسپل:** پرنسپل کی اسکول کے پروگراموں، تعلیمی سرگرمیوں، طلبا کی معاونت اور نظم و ضبط کی نگرانی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ بڑے اسکولوں کے متعدد نائب پرنسپل ہو سکتے ہیں۔

**پرنسپل:** اسکول کے تمام عملے کے اراکین اور طلبا کی قیادت کرتے ہیں اور نگرانی کرتے ہیں۔ اگر کوئی ایسی تشویشات ہیں جو استاد، والدین کے رابطہ کار، یا اسکول کے دیگر عملے کے ذریعے حل نہیں ہو سکتی ہیں تو اپنے پرنسپل کے ساتھ بات کریں۔










**اسکول نرس:** اسکول میں طلبا کی طبی ضروریات کو پورا کرتی ہے اور ان کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ اگر طالب علم کو تعلیمی دن کے دوران دواؤں یا علاج کی ضرورت پڑتی ہے تو اسکول نرس سے بات کریں۔

**سیفٹی ایجنٹ:** طلبا، عملے کے ارکان اور نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ملاقاتیوں کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ سیفٹی ایجنٹس نیو یارک پولیس محکمہ کے ارکان ہوتے ہیں۔

## ضلع میں قائم عملہ

**خاندانی معاونتی رابطہ کار:** ہر ایک اسکولی ضلع میں اہل خانہ کی تشویشات کے لیے بنیادی رابطے کا فرد ہوتا ہے۔ عملے کے یہ ارکان اہل خانہ کو رسائی اور برادری میں مشغولیت کی معاونت فراہم کر کے مسائل اور تشویشات سے نمٹنے اور حل کرنے کے لیے پورے نظام میں کام کرتے ہیں۔ اگر آپ کی کوئی تشویشات ہیں جو اسکول سطح پر حل نہیں کی جاسکتیں تو اپنے ضلع کے خاندانی معاونتی رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

**خاندانی قیادتی رابطہ کار:** اسکول اور ضلعی والدینی قیادتی ساخت بشمول PA/PTA اسکولی قیادتی ٹیمیں، ضلعی قیادتی ٹیمیں، زمرہ I کمیٹیوں، اجتماعی تعلیمی کونسل، اور صدور کی ضلعی کونسلوں کی معاونت کرتے ہیں۔ اگر آپ کے اسکول میں یا ضلع میں والدینی قیادت کے مواقع کے بارے میں کوئی سوالات یا تشویشات ہیں تو اپنے ضلعی خاندانی قیادتی رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

**مہتمم:** کمیونٹی مہتممین، بشمول ضلع 75 (خاص تعلیم) اور ضلع 79 (متبادل پروگرامز)، K-8 اسکولوں کی اعانت اور نگرانی کرتے ہیں، جبکہ ہائی اسکول کے مہتممین گریڈز 12-9 والے اسکولوں کی اعانت اور نگرانی کرتے ہیں۔

اپنے ضلعی اہل خانہ معاونتی رابطہ کار، اہل خانہ قیادت، یا مہتمم کو تلاش کرنے کے لئے درج ذیل سائٹ کو ملاحظہ کریں schools.nyc.gov/about-us/leadership/superintendents۔



گھر اور اسکول دونوں جگہوں پر **طالب علم کی تدریس میں معاونت** آپ کے بچے کی تعلیم پر مثبت اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ جب خاندان مصروفِ عمل ہوتے ہیں، طلبا کے اونچے گریڈ لانے، اپنے اور اپنی اہلیتوں کے بارے میں اچھی رائے رکھنے، سند یافتہ ہونے اور سیکنڈری کے بعد تعلیم جاری رکھنے کے امکانات زیادہ ہوں گے۔ خوش قسمتی سے، اپنے بچے کی تعلیم کی معاونت کرنے کے کئی آسان طریقے ہیں۔

## اپنے بچوں کے ساتھ بات چیت کریں

ان کی تعلیم کا حصہ بننے کے لیے بچے کبھی بھی اپنے اہل خانہ کے لیے بہت چھوٹے یا بڑے نہیں ہوتے ہیں۔ والدین/سرپرستوں کو اپنے بچوں کے ساتھ ان کے اسکول کے بارے میں روزانہ بات چیت کرنی چاہیے۔ ایسے مخصوص سوالات پوچھ کر گفتگو شروع کریں جن کے لیے مفصل جواب مطلوب ہوں، جیسے کہ:

- آج اسکول میں بہترین چیز کیا ہوئی تھی؟
- آج آپ کے لیے کلاس میں سمجھنے میں دشوار ترین چیز کونسی تھی؟
- دوپہر کے کھانے کے دوران (لنچ) آپ کس کے ساتھ بیٹھے تھے، اور آپ نے کیا بات چیت کی تھی؟
- کیا آپ بیان کرسکتے ہیں کہ آج اسکول میں آپ نے کیا سیکھا؟
- کیا آپ ہر وہ چیز دیکھ سکتے ہیں جو آپ کے استاد چاک بورڈ/ڈرائی اریز بورڈز/پروجیکٹرس پر لکھتے ہیں؟
- کیا آپ اسکول میں محفوظ محسوس کرتے ہیں؟

اپنے بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے اور کہانیوں اور تجربات کا اشتراک کرنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ پرواہ کرتے ہیں۔ بات چیت کرنے سے آپ بہتر طور پر سمجھ پاتے ہیں کہ آیا آپ کا بچہ اسکول میں اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے یا اس کو دشواری ہو رہی ہے۔

## روزانہ مطالعہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں

اپنے بچے کو پڑھ کر سنانے کا وقت نکالیں اور ان کی گھر پر اور اسکول میں مطالعہ کی جانے والی کتب پر بات چیت کریں۔ یہ خواندگی کی اہمیت کا مظاہرہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ایسی کتابوں کا انتخاب کریں جو بچے کی دلچسپی سے میل کھاتی ہوں، لیکن نئے موضوعات یا اصناف کو متعارف کرواتے ہوئے نہ گھبرائیں۔ مختصر اور ہلکی کتابوں اور طویل اور مشکل موضوعات رکھنے والی ملی جلی کتابوں کا انتخاب کریں۔

➤ عمر کے مطابق مطالعے کی فہرست کو ذیل پر دیکھیں: schools.nyc.gov/nycreads365۔

## اساتذہ کے ساتھ کام کریں

اساتذہ ہر روز طلبا کے ساتھ کام کرتے ہیں اور سیکھنے کے انداز اور طرز عمل کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ بچوں کی اسکول کے اندر اور باہر دونوں ضروریات کی تکمیل کے لیے والدین اور اساتذہ کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔



### والدین/اساتذہ کانفرنسوں میں شرکت کریں

والدین اور اساتذہ کی کانفرنسیں سال میں چار بار منعقد ہوتی ہیں۔ یہ کانفرنسیں اہل خانہ کو اساتذہ کے ساتھ مل بیٹھنے کا اور اپنے بچے کی پیش رفت اور تعلیم سے متعلق توقعات کے بارے میں جاننے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ ایک کانفرنس میں شرکت کرنے سے قبل، والدین کو سوالات وقت سے پہلے لکھ لینے چاہییں۔ غور کرنے کے لیے ذیل میں کچھ سوالات دے دیے گئے ہیں:

- میرا بچہ کیا کام اچھا کرتا ہے اور کس کام میں میرے بچے کو دشواری پیش آتی ہے؟
- آپ میرے بچے کو کس طرح چیلنج کرتے ہیں؟
- جس بچے کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے آپ اس کی معاونت کس طرح کرتے ہیں؟
- میرے بچے کے لیے گھر پر مطالعہ کرنے کے لیے آپ کون سی کتابیں تجویز کریں گے؟
- میرے بچے کا اپنے کلاس کے ہمسروں اور بالغان کے ساتھ کیسا رویہ ہے؟
- میرا بچہ کتنے اسکولی دنوں میں غیر حاضر رہا ہے یا تاخیر سے آیا ہے؟

➤ schools.nyc.gov/ptc پر والدین اساتذہ کانفرنسوں کے بارے میں مزید جانیے۔

## اپنے والدین رابطہ کار سے بات چیت کریں

والدین رابطہ کار ایسے عمدہ وسیلے ہیں جو کئی سوالات کے جوابات دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اپنے والدین رابطہ کار کو جانیں، اور اسکول کے پروگراموں، وسائل، سرگرمیوں، تربیتوں، تقریبات اور شامل ہونے کے طریقوں کی رہنمائی اور معلومات کے لیے ان سے رابطہ کریں۔

## اسکول کی سرگرمیوں، اجلاسوں اور فیصلوں میں شرکت کریں

اسکول متعدد سرگرمیاں منعقد کرتے ہیں، بشمول طلبا کے کام کی نمائش، خاندانوں کے لیے ورکشاپس، اور معلوماتی سیشنز۔ یہ سرگرمیاں اہل خانہ کو اپنے بچوں کے اسکولوں سے پورے تعلیمی سال کے دوران رابطے میں رہنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ آپ کے شیڈول سے قطع نظر، شہر کے

اسکولوں میں آپکے حصہ لینے کے متعدد مواقع ہیں۔ اپنے والدین رابطہ کار سے آنے والی تقریبات اور سرگرمیوں کے بارے میں بات کریں۔

## PA/PTAs کے ایک سرگرم عمل رکن بنیں

والدین/سرپرست اسکول کی **انجمن والدین (PA) یا والدین اساتذہ کی انجمن (PTA)** کے سرگرم عمل رکن بن کر اپنے بچے کی تعلیم اور اسکولی برادری میں فرق لا سکتے ہیں۔ والدین پہلے ہی سے PA/PTA کے رکن ہیں۔ PA/PTA کے ذریعے، والدین روابط بنا سکتے ہیں، تبادلۂ خیال کر سکتے ہیں، اسکول کی تشویشات کو حل کر سکتے ہیں، اور اساتذہ، اسکول کے قائدین، اور دیگر والدین کے ساتھ اسکول کی پالیسیوں اور بجٹ کے فیصلوں کو متاثر کر سکتے ہیں۔

اپنے والدین رابطہ کار سے اپنے اسکول کے اگلے شیڈول کردہ PA/PTA اجلاس کے بارے میں پوچھیں۔ اسی طرح، ایسے دیگر افراد کو تلاش کریں جو PA/PTA کے سرگرم عمل ارکان ہیں تاکہ آپ اپنے بچوں کے اسکول کے لیے خدمات انجام دینے کے بارے میں جان سکیں۔

### والدین کے قیادتی عہدوں کے لیے انتخاب لڑیں

والدین، مقامی، ضلع اور شہر پیما سطوح پر عہدوں کے لیے انتخاب لڑ کر اپنی اسکولی برادریوں کے لیے خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ PA/PTAs، **اسکول قیادتی ٹیموں، شہرپیما اور اجتماعی تعلیم کونسلوں (CCEC/CECs) اور صدور کونسل میں منتخب کردہ عہدے دستیاب ہیں۔** CCECs اور CECs کے لیے آئندہ انتخابات اس تعلیمی سال کےآخر میں منعقد کیے جائیں گے۔

➤آپ کی آواز اہم ہے۔ ایک امیدوار بننے اور منتخب عہدے کے لیے انتخاب لڑنے پر غور کریں۔ schools.nyc.gov/parentleader پر مزید جانیے۔

## ترقیاتی پالیسی کو سمجھیں

اساتذہ طلبا کی تعلیم کی پیمائش، کلاس میں سوالات، ہوم ورک، مفوضہ کام، تحریری مشقوں، امتحانات، کوئز اور پروجیکٹس کے ذریعے کرتے ہیں۔ پورے سال کے دوران، ترقی کے معیار پر پورا نہ اترنے کے — یا اپنے گریڈ کی سطح کے لیے — تعلیمی سنگ میل کی تکمیل نہ کرنے کے خطرے سے دوچار طلبا کی نشان دہی کرنے کے لیے اساتذہ اور پرنسپل ان پیمائشوں کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے ہیں۔ حالانکہ نیویارک ریاست امتحان اسکورز کو زیرغور لایا جاتا ہے، لیکن طالب علم کی اگلے گریڈ کی مستعدی کا تعین کرنے کے لیے یہ واحد، بنیادی یا اہم جز نہیں ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**اساتذہ والدین سے رابطہ، ملاقات، یا ان کے ساتھ بات کرنے کے لیے فی ہفتہ 40 منٹ کا وقت نکالتے ہیں۔**

تعلیمی سال کے وسط میں ، اسکول والدین کو تحریری طور پر مطلع کرتے ہیں کہ اگر ان کا بچہ ترقی کے معیارات کی تکمیل نہیں کررہا ہے یا اس کو اگلے تعلیمی سال کے دوران اسی گریڈ میں روکا جا رہا ہے۔ اپنے بچے کی کامیاب ہونے میں مدد کے لیے اضافی معاونتوں پر بات چیت کرنے کے واسطے والدین کی استاد، رہنمائی سے متعلق مشیر، یا پرنسپل سے ملاقات کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ترقی دینے کے معیارات گریڈ کی سطح، انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں بیان کردہ شرائط (صفحہ 16 دیکھیں)، اور/یا انگریزی زبان کے متعلمین کی حیثیت کے مطابق مختلف ہو سکتے ہیں (صفحہ 17 ملاحظہ فرمائیں)۔

➤DOE کی ترقی کے تقاضوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے بچے کے اساتذہ سے بات کریں یا schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/promotion-policy پر جائیں۔





**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**مہینے میں دو غیرحاضریاں زیادہ نہیں لگتی ہیں—لیکن تعلیمی سال کے اختتام تک ایک طالب علم تعلیم کے ایک پورے مہینے کو کھو چکا ہو گا۔**

## طالب علم کی پیش رفت کی نگرانی کریں

اہل خانہ کے پاس اسکول میں ان کے بچوں کی پیش رفت کے بارے میں معلومات بشمول گریڈز اور حاضری کی معلومات اور ساتھ ہی مددگار تجاویز تک رسائی کا ایک آن لائن ٹولز ہے۔ آپ ایک کمپیوٹر، اسمارٹ فون، ٹیبلٹ یا انٹرنیٹ کی رسائی کے ساتھ کسی بھی آلے کے ذریعے mystudent.nyc پر جاکر اپنا **این وائی سی اسکول اکاؤنٹ** تخلیق کر سکتے ہیں یا لاگ ان کر سکتے ہیں۔ ایک اکاؤنٹ بنانے کے لیے، اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو ایک کمپیوٹر تک رسائی درکار ہے تو اپنی مقامی پبلک لائبریری میں جائیں۔

## اپنے رابطے کی معلومات کی تجدید کریں

والدین کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی ہنگامی صورت میں رابطے کی (گھر کا پتہ، سیل نمبر، ای میل۔ وغیرہ) معلومات تازہ ترین ہیں۔ اسکول کے مرکزی دفتر میں عملے کے ممبران کے پاس اپنی معلومات کی تصدیق اور/یا تجدید کریں۔

## مفت سافٹ ویئر استعمال کریں

طلبا گھر پر اپنا اسکول کا کام کرنا جاری رکھ سکتے ہیں اگر ان کا کلاس روم مائیکروسافٹ آفس یا گوگل G-Suite for Education استعمال کررہا ہے۔ اس کے علاوہ، پانچوں بروز میں شہر کے طلبا کے اہلِ خانہ ذیل کی ڈیجیٹل مصنوعات مفت استعمال کرسکتے ہیں:

- گوگل G-Suite for Education (اگر آپ کے بچے کے اسکول میں استعمال کیا جاتا ہے)؛
- آفس 365 پروپلس آن ونڈوز؛
- مائکروسافٹ آفس فار میک پروفیشنل 2016؛
- مائکرو سوفٹ آفس فار iPad, iPhone, Android؛ اور
- مائکروسافٹ کلاوڈ سروسز۔

آپ مائیکروسافٹ کی ویب سائٹ سے اہل خانہ کے پانچ کمپیوٹر تک اور اہل خانہ کے پانچ ٹیلبلٹس، اسمارٹ فونز، اور دیگر موبائل آلات پر مائیکروسافٹ سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں: studentoffice.net۔

## حاضری اہم ہے

ہر ایک تعلیمی دن بچوں کی نشوونما کے لیے اہم ہے؛ ہر ایک تعلیمی دن طلبا کچھ نیا سیکھ رہے ہیں اور کچھ نیا کر رہے ہیں۔ اسکول نہ آنے کا مطلب تعلیم نہ حاصل کرنا ہے۔

حاضری طالب علم کے مستند ریکارڈ کا حصہ ہے، اور غیرحاضریاں دیگر اسکولوں اور خاص پروگراموں میں داخلوں کو متاثر کر سکتی ہیں۔ اسکولوں سے طلبا کی روزانہ حاضری کو قلم بند کرنا اور اس کی نگرانی کرنا اور جب ایک طالب علم غیرحاضر ہو تو والدین سے رابطہ کرنا مطلوب ہے۔ آپ کے بچے کے غیرحاضر ہونے کی صورت میں اور کس وقت ایک غیرحاضری "معافی شدہ" ہے، اس کے بارے میں اسکول مخصوص پالیسیاں وضع کرتا ہے۔ ایک معافی شدہ غیرحاضری کو بطور غیرحاضری ہی ریکارڈ کیا جائے گا۔ حاضری کی پالیسی کے بارے میں معلومات کے لیے اسکول کے عملے کے کسی رکن سے پوچھیں۔

### روزانہ حاضری میں مدد کی تجاویز

- اسکول کی اہمیت پر زور دیں؛
- رات کو سونے کے لیے مقررہ وقت اور صبح کا معمول تشکیل دیں؛
- اپنے بچے کو وقت پر اسکول پہنچانے کا منصوبہ بنائیں؛
- جب اسکول کھلا ہوا ہو تو ڈاکٹروں سے مقررہ وقت نہ لیں اور تفریحی دوروں کی منصوبہ بندی نہ کریں؛
- اپنے بچے سے اس کے اسکول جانے کے متعلق کسی بھی تشویشات کے بارے میں بات چیت کریں۔
- تاخیر سے آنے کو ناقابل قبول سمجھیں؛
- اپنے بچے کو اچھی حاضری برقرار رکھنے پر انعام دیں؛
- اسکول کے مشیر سے اپنے بچے کے لیے حاضری کے اہداف کا ایک "معاہدہ" تشکیل دینے کے لیے کہیں جس میں انعامات اور سزا شامل ہو؛
- اسکول کے والدین ربط دہندہ یا رہنما مشیر سے اپنے بچے کی روزانہ اور کلاس روم کی حاضری کو اکثر اوقات دکھانے کے لیے کہیں؛ اور
- اپنے بچے کے لیے مشاورت کی خدمات کے بارے میں پوچھیں، یا اگر ضرورت ہو تو اچھی حاضری کی عادات کو قائم کرنے کے لیے حاضری کے ایک صلاح کار کے لیے پوچھیں۔

schools.nyc.gov/rules-for-students/attendance پر مزید جانیں۔

طالب علم کی تعلیم میں مدد کرنا



## اسکول بعد پروگراموں کے لیے درخواست دیں

اسکول بعد پروگرام طلبا کو کلاس روم سے باہر تجربات سے روشناس کروا کے طلبا کی تعلیم کو تقویت دیتے ہیں۔ یہ پروگرام طلبا کو نئے شوق اور اپنی دلچسپیوں سے واقف ہونے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ زیادہ تر اسکول مخصوص پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں، اکثر اوقات یہ ایک کمیونٹی پر مبنی تنظیم (CBO) کے ساتھ مربوط ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار، اسکول مشیر یا پرنسپل سے پوچھیں۔

شہر پیما پروگرام بھی دستیاب ہیں۔ schools.nyc.gov/afterschool پر ان شہر پیما انتخابات کے بارے میں جانیے۔

اس کے علاوہ، شہر کا محکمہ برائے نوجوانان اور کمیونٹی فروغ (DYCD) سینکڑوں بعد از اسکول پروگراموں کی معاونت کرتا ہے۔ یہ غیر نصابی پروگرام ہر روز تین گھنٹوں کے لیے، ہفتے میں پانچ دن ہوتے ہیں اور طلبا کو ساکر، ٹینس، فیشن ڈیزائن، کھانا پکانا، ڈانس، کمپیوٹر سائنس، فلیگ فٹبال اور بہت کچھ مزید کی پیشکش کرتے ہیں۔ اپنے قریب DYCD کفالت کردہ اسکول پروگرام کو تلاش کرنے میں مدد کرنے کے لیے DYCD ویب سائٹ پر جائیں: dycdportal.nyc/discoverdycd۔

## اسکول مشیران اور سماجی کارکنان کے ساتھ بات چیت کریں

شہر کے اسکولوں میں مشاورت اور معاونت کے دستیاب پروگرام ایک مکمل طالب علم پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ کلاس روم میں کامیابی، دیگر افراد کے ساتھ تعلقات، ذاتی اور سماجی - جذباتی نشوونما، اور کالج اور طرز معاش کی منصوبہ بندی پر توجہ مرکوز کر کے اسکول مشیران اور سماجی کارکنان ایک طالب علم کو ہر طرح سے معاونت فراہم کرتے ہیں۔

اسکول مشیران اور سماجی کارکنان شہر میں خاندانوں کو مسلسل تعلیمی رہنمائی، قلیل مدتی بحران مداخلت، برادری کے وسائل کے متعلق معلومات فراہم کرنے اور حسبِ ضرورت مشاورتی خدمات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔

اپنے اسکول میں دستیاب مشاورتی معاون پیشہ وران کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے پرنسپل یا والدین رابطہ کار سے معلوم کریں۔

## کالج اور طرز معاش کے لیے مستعدی

طالب علم کی عمر سے قطع نظر، اہل خانہ اپنے بچے کو کالج اور اس کے بعد کی راہ پر گامزن رہنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ یہ یقینی بنائیں کہ طلبا:

- ہر روز اسکول میں شرکت کرے؛
- اچھے گریڈ اور طرز عمل کی کوشش کرے۔
- جب بھی ممکن ہو مزید مسابقت طلب کلاسیں لے؛
- اسکولی اوقات سے قبل، دوران اور بعد کلبوں اور پروگراموں میں شمولیت کرے؛ اور
- موسم گرما کے دوران کیمپس میں اندراج کروائے اور تعلیمی سرگرمیوں میں شرکت کرے۔

کالج کے لیے بچت کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم صفحہ 32 سے شروع ہونے والے **مالی امداد** کے حصے کو ملاحظہ کریں۔

## بچوں کو وقت پر سُلا دیں

نیند ذہن کے لیے خوراک ہے، اور بچوں کے لیے یہ خاص طور پر اہم ہے۔ نیند کی کمی بچے کی توجہ دینے، تعلیم حاصل کرنے، اور مسائل حل کرنے کی اہلیت میں کمی پیدا کرتی ہے۔ بچوں کو توجہ دینے اور اپنی پوری استعداد تک پہنچنے کے لیے کافی نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کا بچہ اچھی نیند سو رہا ہے:

- اسکولی راتوں کو سونے کا وقت مقرر کریں اور اس کی پابندی کریں؛
- بچوں کو سونے سے کم سے کم ایک گھنٹہ قبل ٹیلیویژن، کمپیوٹر، اور موبائل آلوں سے گریز کروائیں؛
- بچوں کے سونے کے کمرے کو رات کو اچھی طرح آرام کے لیے تیار کریں — کمرے میں اندھیرا رکھیں اس کو ٹھنڈا رکھیں اور برقیاتی آلات سے پاک رکھیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے سونے کے وقت سے قبل سوڈے، کافی یا چائے جیسے کیفین والے مشروبات سے اجتناب کریں۔
- روزانہ ورزش کی حوصلہ افزائی کریں۔

ذیل پر مزید جانیں sleepfoundation.org، sleepforkids.org اور cdc.gov/sleep/about_sleep/how_much_sleep.html۔

| عمر | تجویز کردہ روزانہ نیند کی مقدار* |
|---|---|
| 3-5 سال | 10-13 گھنٹے فی دن |
| 6-13 سال | 9-11 گھنٹے فی دن |
| 14-17 سال | 8-10 گھنٹے فی دن |

*ان میں دوپہر کی نیند شامل ہے۔ ذرائع: نیشنل سلیپ فاؤنڈیشن

**معاونتیں اور خدمات** جیسے کہ طبی نگہداشت، نقل وحمل، کھانا، اور ترجمانی یہ سب، طلبا اور اہل خانہ کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ یہ جانیں کہ معذوری کے حامل طلبا، انگریزی زبان کے متعلمین اور عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا کی معاونت کس طرح کی جاتی ہے۔

## صحت سے متعلقہ خدمات

جو طلبا صحت مند ہوتے ہیں ان کے تعلیم حاصل کرنے اور بہتر کارکردگی دکھانے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا کی جسمانی صحت بہترین ہے اسکول کئی طبی اور انسدادی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں۔

### رسائی

DOE یہ یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے کہ اس کے پروگرام، خدمات، اور سرگرمیاں عملے، اسکولی برادری کے ارکان، معذوریوں کے حامل طلبا، اور خاندان کے افراد کے لیے قابل رسائی ہوں۔ علاوہ ازیں ، اس بات کے تعین کے لیے DOE کی سبھی عمارتوں کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ آیا وہ معذور افراد کی رسائی کے قابل ہیں۔

➤ schools.nyc.gov/buildings/building-accessibility پر رسائی کے بارے میں مزید جانیں۔

### مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات

پری کنڈر گارٹن تا 12 گریڈ میں شرکت کرنے والے تمام طلبا کے لیے لازمی ہے کہ ان کے پاس مندرجہ ذیل بیماریوں کے مدافعتی ٹیکوں کے دستاویز ہوں: ڈیفتھریا ، پرٹسیس (کالی کھانسی)، ٹیٹنس، پولیو، خسرے، موپس، روبیلا، واریسیلا، ہیپاٹائٹس B، ہیموفیلس انفلوئنزا ٹائپ B (Hib)، اور مینجوکوکس (men-ACWY)۔

➤ schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/immunizations پر ان مطلوبات کے بارے میں مزید جانیں۔

### جسمانی معائنہ

پری کنڈرگارٹن تا گریڈ 12 کے تمام نئے طلبا کے لیے ایک مکمل جسمانی جانچ کرانا لازمی ہے۔ اس جامع طبی معائنے کے لیے ایک ڈاکٹر کی تصدیق لازمی ہے۔ جن طلبا کے والدین/سرپرست یہ دستاویزات فراہم نہیں کریں گے ان کی تشخیص ایک DOE کے ڈاکٹر کے ذریعے کی جائے گی۔

### خاص سہولیات

اسکول خاص طبی ضروریات کے حامل طلبا کے لیے، نگہداشت، خدمات اور سہولیات فراہم کر سکتے ہیں۔ ان میں ایپنیفرین، گلوکوز کی جانچ، انسولین پمپ کا رکھ رکھاؤ، دمے کا پمپ، طبی نسخے کا علاج، یا دیگر سہولیات شامل ہیں۔ اگر کسی بچے کو خاص خدمات کی ضرورت ہے، تو والدین کو ایک طبی فارم مکمل کرنے اور اس کو اپنے اسکول میں جمع کروانے کی ضرورت ہو گی۔ schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness پر صحت سے متعلقہ فارمز دستیاب ہیں۔



**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**اگر آپ کے بچے کی طبی ضروریات ہیں اور اس کو خاص سہولیات کی ضرورت ہے تو، اپنی اسکول نرس یا پرنسپل کو مطلع کرنا لازمی ہے۔**

### بصارت کا معائنہ

گریڈ کی سطح سے قطع نظر تمام نئے طلبا کی نیو یارک شہر پبلک اسکول میں داخل ہونے کے چھ مہینے کے اندر جانچ کرانا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ، پری کنڈر گارٹن، کنڈر گارٹن اور گریڈ 1، 3 اور 5 کے طلبا کے ساتھ ساتھ ان طلبا کی جانچ کرنا لازمی ہے جن کو خاص تعلیم کا حوالہ دیا گیا ہے۔

➤ schools.nyc.gov پر "Vision Screenings" تلاش کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔

### جسمانی اور دماغی صحت

پانچوں بروز کے طلبا کو جامع جسمانی اور دماغی صحت کی خدمات تک رسائی حاصل ہے بشمول مشاورت، معالجے (تھراپی) اور جذباتی اور طرز عمل کی دشواری رکھنے والے طلبا کے لیے مخصوص نگہداشت کی خدمات۔ کئی اسکولوں میں **اسکول میں قائم صحتیاتی خدمت کے مراکز (SBHCs)** اور **اسکول میں قائم دماغی صحت پروگرام (SBMHPs)** موجود ہیں جو مفت جامع طبی خدمات اور دماغی صحت کے وسائل، بالترتیب فراہم کرتے ہیں۔

➤ schools.nyc.gov پر "SBHC" اور "SBMHP" کے لیے تلاش کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔






## خاص تعلیم

**خاص تعلیم** ان خدمات، پرگراموں اور تدریس سے منسوب ہے جو معذوری کے حامل طلبا کے لیے ذاتی اور تعلیمی نشو ونما کو فروغ دینے کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں۔ ایک **انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)** ان طلبا کے لیے تیار کیا جاتا ہے جو خاص تعلیم خدمات موصول کرنے کے اہل ہیں۔ IEP میں ایک طالب علم کی دلچسپیوں، خوبیوں، ضروریات، اور مجوزہ پروگرامز اور خدمات شامل ہوتی ہیں۔ ہر IEP کا مقصد معذوری کے حامل طلبا کو وہ خدمات فراہم کرنا ہے جو کم سے کم ممکنہ پابندی کے ماحول میں انکی انفرادی ضروریات کے لیے موزوں ہوں۔

### حوالہ دینے کا طریقِ کار

اگر کوئی بچہ کلاس میں جد وجہد کا شکار ہے، اسکول میں معاونتیں موجود ہیں جو طلبا کو عام تعلیمی ترتیب میں فراہم کی جاسکتی ہیں۔ ان معاونتوں میں نجی تدریس یا اساتذہ کے ساتھ چھوٹے گروپ میں کام کرنا شامل ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپکے بچے کو عام تعلیمی ترتیب میں فراہم کی جانے والی معاونت کے علاوہ اضافی اعانت درکار ہے تو آپ اپنے بچے کو ایک خاص تعلیم تشخیص یا ایک "ابتدائی حوالہ" کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔ خاص تعلیم تشخیص کے طریقِ کار میں تشخیصات کا ایک سلسلہ شامل ہوتا ہے جو یہ تعین کرتا ہے کہ آیا آپ کے بچے کو کوئی معذوری ہے۔ ایک ابتدائی حوالے کی گزارش کرنے کے لیے، آپ کو اپنے بچے کے پبلک اسکول کو تحریر کرنا چاہیئے اور ان سے ایک خاص تعلیم تشخیص کی گزارش کریں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**شہر کے معذوری کے حامل طلبا کے خاندان جو چارٹر یا غیرپبلک اسکولوں میں شرکت کرتے ہیں وہ کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (عمر 5-3 سال) یا کمیٹی برائے خاص تعلیم (عمریں 5 اور زائد) سے مدد لے سکتے ہیں۔ schools.nyc.gov/special-education/help/cpse-cse پر مزید جانیں۔**

آپ کے بچے کی تشخیص کرنے سے قبل، آپ سے اپنا تحریری، باخبر اجازت نامے پر دستخط کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ آپ کے بچے کی تشخیص نہیں کی جائے گی جب تک کہ آپکا اجازت نامہ موصول نہ ہوجائے۔

ایکبار آپکے بچے کی تشخیص مکمل ہونے کے بعد، آپ کو ایک اجلاس میں بطور اپنے بچے کی IEP ٹیم کے ایک ممبر کے شرکت کرنے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ اس اجلاس میں، آپ تشخیص کے نتائج کا جائزہ لینے اور یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا آپ کا بچہ خاص تعلیمی خدمات کا اہل ہے، اپنے بچے کے اسکول کے عملے کے ممبران سے ملیں گے۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے، آپ اپنے بچے کا IEP تیار کرنے کے لیے عملے کے ممبران کے ساتھ کام کریں گے، جو ان خاص تعلیمی پروگراموں اور/یا خدمات کو خاکہ کش کرے گا جو آپکا بچہ موصول کرے گا۔

➤ خاص تعلیم اور حوالہ دینے کے طریقِ کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/special-education پر جائیں۔



**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**نیویارک شہر کے تقریباً 147,000 طلبا انگریزی زبان کے متعلمین ہیں۔**
ذرائع: دولسانی تعلیم طالب علم کی معلومات کا سروے

## انگریزی زبان کے متعلمین

ایک **انگریزی زبان کا متعلم** یا ELL، ایک ایسا طالب علم ہوتا ہے جس کی گھریلو زبان انگریزی نہیں ہے اور جس کو انگریزی سیکھنے کے لیے مدد درکار ہے۔ اسکول اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں کہ تمام بنیادی مضامین میں کامیابی کے لیے ELL اعلیٰ سطح پر انگریزی میں پڑھنے، لکھنے، بولنے، اور سننے کے قابل ہیں۔

### لسانی ضروریات کی نشان دہی

اسکول ELLs کی نشان دہی کرنے کے لیے اہل خانہ کے ساتھ کام کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ نئے طلبا کے اہل خانہ **گھریلو زبان کی شناخت کا سروے (HLIS)** مکمل کرتے ہیں جو اسکول کے عملے کو گھر پر بولی جانے والی زبان سے مطلع کرتا ہے۔ اگر گھر میں بولی جانے والی زبان انگریزی نہیں ہے تو اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا اس کو انگریزی لسانی معاونتی خدمات درکار ہیں، طالب علم سے **نیویارک ریاست نشاندہی امتحان برائے انگریزی زبان متعلمین (NYSITELL)** دینے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔

اگر ایک بچے کو انگریزی زبان کی معاونتی خدمات درکار ہیں تو اسکولی عملے کے ارکان یہ وضاحت کرنے کے لیے اہل خانہ سے ملاقات کرتے ہیں کہ نیویارک شہر میں ELLs کو کون سے مختلف پروگرامز دستیاب ہیں۔ یہ اجلاس والدین کی ترجیحی زبان میں منعقد کیا جاتا ہے۔ تمام ELLs کم از کم **انگریزی بطور نئی زبان** (ENL) لازمی موصول کرتے ہیں۔ اگر کسی ELL کے اہلِ خانہ چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ ایک دولسانی پروگرام میں شرکت کرے اور ان کے اسکول میں کوئی دستیاب نہیں ہے تو انہیں ایسے دوسرے اسکول میں تبادلہ کروانے کا حق حاصل ہے جو پروگرام پیش کرتا ہو۔

### پروگراموں کی اقسام

انگریزی زبان کے متعلمین کے پاس تعلیم اور لسانی ضروریات کی معاونت کرنے کے لیے تین اختیارات ہیں:

**دوہری زبان** پروگرام طلبا کو دو زبانوں میں تعلیم فراہم کرتے ہیں: انگریزی اور ایک دوسری زبان، جیسے کہ ہسپانوی، چینی یا فرانسیسی۔ اس پروگرام کے ذریعے طلبا انگریزی اور دوسری زبان دونوں میں مطالعہ کرنا، تحریر کرنا اور بولنا سیکھتے ہیں۔ کلاسیں انگریزی میں ماہر طلبا اور ایک ہی گھریلو زبان بولنے والے انگریزی زبان کے متعلمین دونوں سے مل کر بنتی ہیں

**عبوری دولسانی تعلیمی** پروگرام انگریزی اور طالب علم کی گھریلو زبان میں تعلیم دیتے ہیں۔ ان کلاسوں میں ہر طالب علم ایک ہی گھریلو زبان بولتا ہے۔ جیسے جیسے طلبا کا انگریزی کا استعمال بہتر ہوتا ہے، انگریزی میں تدریس کا وقت زیادہ ہوتا ہے اور گھریلو زبان میں تدریس کا وقت کم ہوتا جاتا ہے۔

**انگریزی بحیثیت نئی زبان** پروگرام، طالب علم کی گھریلو زبان کی معاونت کے ساتھ انگریزی میں تعلیم فراہم کرتے ہیں۔
طلبا انگریزی میں پڑھنا، لکھنا اور بولنا سیکھتے ہیں۔ یہ پروگرام گریڈ کی سطح اور لسانی قابلیت کے لحاظ سے مختلف ہو سکتے ہیں۔ اس پروگرام میں طلبا مختلف زبانوں کے پس منظر رکھتے ہیں، اور انگریزی کو ریاضی، سائنس اور سماجی علوم جیسے مضامین کے ذریعے سیکھا جاتا ہے۔

schools.nyc.gov/ell پر ELL پروگراموں کے بارے میں مزید جانیے۔




**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**DOE کے پاس 8,000 سے زائد معاہدہ شدہ بسوں کا کاروان ہے۔ یہ دنیا کا بسوں کا دوسرا سب سے بڑا کاروان ہے!**

## ترجمہ اور ترجمانی

DOE آپ کی زبان بولتا ہے! اگر آپ کو اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہے تو اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے ملاقات کریں۔ ترجمہ شدہ دستاویزات اور ہماری ویب سائٹ عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیشیئن کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں دستیاب ہیں جو ہمارے اسکولوں میں انگریزی کے علاوہ عام طور پر بولی جانے والی نو زبانیں ہیں۔ ترجمانی کی خدمات 200 زبانوں میں دستیاب ہیں۔ اگر آپ کے لسانی خدمات کے بارے میں کوئی سوالات یا تبصرات ہیں تو 935-2013 (718) پر رابطہ کریں یا hello@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

### اشاروں کی زبان

اشاروں کی زبان کی خدمات کے لیے براہ کرم اپنے والدین رابطہ کار سے یا دفتر برائے اشاروں کی زبان کی خدمات سے 802-1500 (212) ایکسٹینشن 7181 پر رابطہ کریں۔ یا OSLIS@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

## شہر کے اسکولوں تک نقل وحمل کی خدمات

شہر کے طلبا یا تو **پیلی بس کی خدمات** (جہاں دستیاب ہو) یا نصف کرائے/مکمل کرائے کے **میٹرو کارڈ** کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اہلیت کی بنیاد گریڈ کی سطح اور گھر اور اسکول کے درمیان سفر کرنے کے فاصلے پر ہوتی ہے۔

بے گھر طلبا یا عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا اسکول آنے جانے کے لیے نقل وحمل کی خدمات کی اہل ہیں۔ براہِ مہربانی مزید جاننے کے لیے صفحہ 19 پر "بے گھر طلبا اور عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا" سے رجوع کریں۔

### پیلی بس خدمات کی اہلیت

**گریڈز K-2** طلبا لازماً اپنے اسکول سے ½ میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں۔

**گریڈز 3-6** طلبا اپنے اسکول سے ایک (1) میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہوں۔

**گریڈز 7-12** پیلی بس کی خدمات کے لیے اہل نہیں ہیں۔

جن طلبا کو مختلف بروز میں سفر کرنے کی ضرورت ہے یہ کسی بھی عمر میں پیلی بس کی خدمات کے لیے اہل نہیں ہیں۔

خاص ضروریات کے حامل طلبا کو پیلی بس کی نقل وحمل فراہم کی جاسکتی ہے اگر ان کا IEP اس کا مطالبہ کرتا ہے۔

### میٹرو کارڈز

گریڈ کنڈر گارٹن تا 12 کے شہر کے اہل طلبا کے لیے اہل کے لیے دو قسم کے میٹرو کارڈ دستیاب ہیں:

**مکمل کرایہ:** ایک ایسا مفت میٹرو کارڈ جس کو اسکول آنے جانے کے لیے MTA سب وے اور بسوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**نصف کرایہ:** میٹرو کارڈ جس کو صرف MTA بسوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ طلبا کو بس میں ہر ایک سفر کے لیے نصف کرائے کی ادائیگی کرنا لازمی ہے۔

طلبا مندرجہ ذیل کے مطابق میٹرو کارڈ موصول کرتے ہیں:

### گریڈز K-2

- اسکول سے ½ میل سے کم فاصلے پر رہتا ہے— نصف کرایہ
- اسکول سے ½ میل یا اس سے زیادہ فاصلے پر رہتا ہے — مکمل کرایہ

### گریڈز 3-6

- اسکول سے ½ میل سے کم فاصلے پر رہتا ہے — میٹرو کارڈ کے لیے اہل نہیں ہے
- اسکول سے کم سے کم ½ میل اور 1 میل سے کم فاصلے پر رہتا ہے — نصف کرایہ
- اسکول سے 1 میل یا زیادہ فاصلے پر رہتا ہے — مکمل کرایہ



## گریڈز 7-12

- اسکول سے ½ میل سے کم فاصلے پر رہتا ہے — میٹرو کارڈ کے لیے اہل نہیں ہے
- اسکول سے کم سے کم ½ میل اور 1.5 میل سے کم فاصلے پر رہتا ہے — نصف کرایہ
- اسکول سے 1.5 میل یا زیادہ فاصلے پر رہتا — مکمل کرایہ

نقل وحمل سے متعلق سوالات کے لیے optnyc.org پر جائیں یا 8855-392 (718) پر رابطہ کریں۔

## سمر ان دا سٹی

**سمر ان دا سٹی** (SITC) نیویارک شہر کا گرمیوں میں سیکھنے کا طریقِ کار ہے۔ SITC کے ذریعے، طلبا مطالعہ اور ریاضی کے نصاب سے سیکھتے ہیں، شہر بھر میں ثقافتی اداروں کا دورہ کرتے ہیں، اور مفت اور صحت بخش ناشتہ اور دوپہر کا کھانا موصول کرتے ہیں۔

### SITC دو قسم کی گرمیوں کی تدریس فراہم کرتا ہے:

- **گرمیوں کا اسکول:** ان طلبا کے لیے جو گریڈ سطح کے ترقی کے معیارات کی تکمیل نہیں کرتے ہیں؛ اور
- **سمر اکیڈمی:** فُل ڈے پروگرام مع مفت ناشتے اور کھانے کے، STEM (سائنس، ٹیکنالوجی، انجنئرنگ، اور ریاضی) سرگرمیاں، افزودہ ریاضی اور مطالعہ کی تدریس، اور میوزیم، پارکس اور دیگر ثقافتی مقامات کے فیلڈ ٹرپس)۔ سمر اکیڈمی ان طلبا کے لیے ہے جنہیں گرمیوں کے اسکول کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/summerschool پر جائیں۔

## نقل وطن کرنے والے خاندانوں کی اعانت

DOE تمام طلبا کے پبلک اسکول میں شرکت کرنے کے حق کا تحفظ کرنے کا پابند عہد ہے، ترک وطن کی حالت، قومی نژاد، یا مذہب سے قطع نظر۔ ریاست ہائے متحدہ سپریم کورٹ بھی تمام طلبا کے لیے عوامی تعلیم کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے، بشمول بغیر دستاویزات والے طلبا کے۔

ہم آپ کوباخبر رکھنا چاہتے ہیں کہ DOE:

- غیر نیویارک شہر قانونی نفاذ کے افسران کو بشمول ریاستہائے متحدہ نقل وطنی اور کسٹم نفاذ کے کارندوں کو اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتا ہے ماسوائے کہ ایسا قانوناً مطلوب ہے؛ اور
- طلبا یا خاندانوں کے نقل وطنی کی صورت حال پر نظر نہیں رکھتا ہے، اور یہ طالبانہ معلومات افشا نہیں کرے گا تاوقیکہ قانون اس کا تقاضا کرے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا محفوظ اور ایک مشفق ماحول میں تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں، DOE نے اسکولوں کو نقل وطن کرنے والوں کے متعلق کاروائیوں، تفتیشات، اور/یا حراست کے لیے رہنمائی خطوط فراہم کیے ہیں۔ مزید معلومات، بشمول خاندانی وسائل اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات کے لیے، schools.nyc.gov/supportingallstudents پر جائیں۔

## بے گھر طلبا اور عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا

وفاقی قانون اور محکمۂ تعلیم چانسلر کا ضابطہ یہ تقاضا کرتا ہے کہ بے گھر اور عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کو مستقل رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے جیسی تعلیم اور خدمات تک رسائی حاصل ہونی چاہیے، بشمول خاص تعلیمی خدمات کے۔

عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا ذیل کے مطابق شہر کے اسکولوں تک آنے جانے کی مفت نقل وحمل کی خدمات کے مستحق ہیں:

- K-6 طلبا کو پیلی بس خدمات فراہم کی جائیں گی، اگر دستیاب ہو۔ اگر دستیاب نہ ہو تو وہ اسٹوڈینٹ میٹروکارڈز کے اہل ہونگے؛
- گریڈز پری کنڈرگارٹن تا 6 کے طلبا جو میٹرو کارڈز موصول کرتے ہیں انکے والدین/سرپرست بھی میٹروکارڈز کے اہل ہیں؛ اور
- گریڈ 7-12 کے طلبا اسٹوڈینٹ میٹروکارڈ حاصل کرنے کے اہل ہیں۔

schools.nyc.gov/sth پر مزید جانیے۔




## اسکول کے کھانے

DOE تمام طلبا کو فخریہ مفت ناشتہ اور دوپہر کا کھانا پیش کرتا ہے۔ اسکول کے تمام کھانے غذائیت کے معیارات پر پورا اترتے ہیں یا ان سے متجاوز ہیں، اور ان میں مصنوعی رنگ، یا ذائقے، پریزرویٹیوز یا ہائی فروکٹوز کارن سیرپ جیسی ملاوٹیں شامل نہیں ہوتی ہیں۔ مینو میں سالم اناج کے بریڈ، تازہ پھل اور کچھ اسکولوں میں سلاد شامل ہے۔

سکول کے تمام مینو schoolfoodnyc.org ذیل پر ان لائن شائع کیے گئے ہیں اور اس میں صرف سبزی کھانے والوں کے لیے بھی انتخاب شامل ہیں۔ آپ DOE کی مستند اسکول فوڈ موبائل ایپ کو استعمال کر کے بھی اسکول کے کھانوں کے بارے میں باخبر رہ سکتے ہیں: schoolfoodnyc.org/MediaCenter/mobileapp۔

### مفت ناشتہ

شہر کا ہر طالب علم اسکول کے آغاز سے قبل یا تو کیفیٹریا میں ناشتہ کرتا ہے یا **کلاس روم میں ناشتہ** پروگرام (BIC) کے ذریعے کلاس روم میں ناشتہ موصول کرتا ہے۔ BIC تمام الیمنٹری اسکولوں میں دستیاب ہے۔

### طلبا کے لیے غذائی ضروریات

DOE اس بات کو یقینی بنانے کی اہمیت سے واقف ہے کہ تمام طلبا کو اسکول کے کھانوں سے لطف اندوز ہونے کا یکساں موقع ملے۔ DOE ہر ماہ ناشتے اور لنچ کے مینیو شائع کرتا ہے تاکہ خاص غذائی ضروریات کے حامل طلبا کی ضروریات کی تکمیل کی جاسکے۔ ایک غذائی منصوبہ بنانے کے لیے جو طبی طور پر منظور کردہ ہے اور آپکے بچے کے لیے موزوں ہے اپنے اسکول کی نرس سے بات کریں۔

### سب کے لیے مفت لنچ

پبلک اسکولوں میں جانے والے شہر کے تمام طلبا اب لنچ مفت کھاتے ہیں۔ تمام والدین کو، ان کی آمدنی سے قطع نظر، ایک **اسکول میلز فارم** ابھی بھی مکمل کرنا لازمی ہے تاکہ ہمارا اسکول اس پروگرام اور دیگر کے لیے وفاقی سرمایہ موصول کرنا جاری رکھ سکے۔ برائے مہربانی اپنے اسکول سے ایک کاغذی فارم موصول کریں یا nyc.applyforlunch.com پر آن لائن فارم مکمل کریں۔

اگر آپ نے تعلیمی سال 18-2017 سے پہلے اپنے بچے کے لنچ کے لیے رقم اپنے **MySchoolBucks** اکاؤنٹ میں جمع کروادی ہے، یا اگر آپکے پچھلے سال کے بقایا ہیں، آپکو مکمل رقم واپس مل چکی ہوگی۔ اگر آپ کو رقم واپس نہیں ملی ہے، یا اگر آپکے رقم واپس ملنے کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو براہِ کرم SFLunchRefunds@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

### موسم گرما کے کھانے

**موسم گرما کے کھانے کے پروگرام** کے ذریعے، 18 سال اور اس سے کم عمر کے تمام بچے منتخبہ پبلک اسکولوں، شہر کے پارکوں اور پولز، نیویارک شہر ہاؤسنگ کامپلکس اور غیر نفعی تنظیموں میں مفت کھانا موصول کرتے ہیں۔ اپنے قریبی مقام کو تلاش کرنے کے لیے موبائل ایپ استعمال کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔



**ضابطۂ انضباط** (ضابطہ) ایسے محفوظ اسکولی ماحول کی معاونت کرنے میں مدد کرتا ہے جس میں طلبا سماجی اور تعلیمی طور پر نشوونما پاتے ہیں۔ ہر ایک اسکولی کمیونٹی کے افراد کے لیے DOE کے طالب علم کے طرز عمل کے ضابطوں کو جاننا اور سمجھنا لازمی ہے۔ یہ ضابطہ اسکول کے عملے کو اس بات کے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے کہ طلبا کے نامناسب طرز عمل سے کس طرح نمٹا اور ردعمل کیا جائے۔

ضابطہ گریڈ کنڈر گارٹن تا 12 کے تمام طلبا پر لاگو ہوتا ہے، جبکہ کنڈر گارٹن تا 5 اور گریڈ 6-12 کے لیے مخصوص کتابچے ہیں۔ ضابطہ اسکولوں میں اور آن لائن schools.nyc.gov/school-life/rules-for-students/discipline-code پر دس زبانوں میں دستیاب ہے۔

## طلبا کو محفوظ رکھنا

ہم حتی المقدور یہ یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طلبا ایک محفوظ اور پُرامن ماحول میں تعلیم پائیں۔ طلبا کو ایک ہنگامی صورت میں محفوظ رکھنے کے لیے ہر اسکول میں حفاظتی منصوبہ موجود ہے۔ اسکول کے حفاظتی منصوبے کے ایک جز کے بطور، طلبا اور عملے کے ممبران تمام تعلیمی سال کے دوران ہنگامی مشقوں اور اسباق میں حصہ لیتے ہیں۔ اسباق مختلف گریڈ سطوح کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں تاکہ طلبا کو معلومات بغیر خوف زدہ کیے پہنچائی جاسکے۔ حفاظتی معلومات گھر بھی بھیجی جاتی ہے تاکہ والدین کو اپنے بچوں کے ساتھ اسکولوں میں ہنگامی حالات میں مستعدی کے بارے میں گفتگو کرنے میں مدد ملے۔ تمام اسکول ہر تعلیمی سال میں کم از کم تین اسکول بس کی حفاظتی مشقیں انجام دیتے ہیں۔

➤ schools.nyc.gov/school-life/support/emergency-readiness پر DOE کے حفاظتی مسودے کے بارے میں مزید جانیں۔

## سوشل میڈیا سے متعلق رہنما خطوط

طلبا کو اسکول کے اندر اور باہر سوشل میڈیا کو ذمہ داری سے استعمال کرنا چاہیے۔ بچوں کے ساتھ آن لائن ابلاغ کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے اہلِ خانہ ذیل کے رہنما خطوط کا استعمال کرسکتے ہیں:

- اس بارے میں تجاویز پیش کریں کہ اسمارٹ ڈیجیٹل فُٹ پرنٹ کس طرح تخلیق کی جائے؛
- وضاحت کریں کہ خطرناک اشاعت (پوسٹنگ) یا دیگر دل آزار معلومات کے ساتھ کیا کیا جائے؛ اور
- تجویز کریں کہ سوشل میڈیا کو مثبت انداز میں کس طرح استعمال کیا جائے۔

➤ schools.nyc.gov/school-life/rules-for-students/digital-citizens پر سوشل میڈیا سے متعلق مکمل رہنمائی خطوط، بشمول والدین کے لیے ایک رہنمائی ملاحظہ کریں۔

## سیل فون پالیسی

تمام طلبا اپنے سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات، اور دستی میوزک پلیئرز اسکول لا سکتے ہیں۔ ہر ایک اسکول کی سیل فون اور دیگر برقیاتی آلات کی اسکول پر مبنی پالیسی ہے، اور جو طلبا سیل فون اسکول لاتے ہیں ان کے لیے اسکول کی پالیسی کے ضوابط کی پابندی کرنا لازمی ہے۔ جو طلبا اسکول کی سیل فون پالیسی کی پابندی نہیں کریں گے ان کے سیل فون ان سے لیے جا سکتے ہیں۔

سیل فون کو اسکول کے کسی کوئز، ٹیسٹ، یا امتحان، یا اسکول کی آگ لگنے کی صورت میں مشق کے یا ہنگامی صورت میں تیاری کی مشق کے دوران کھولا یا استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ آلات کو لاکر رومز یا باتھ رومز میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

اہل خانہ کو اپنے اسکول کی سیل فون پالیسی کے بارے میں سوالات کے لیے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے رجوع کرنا چاہیے۔

➤ schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations پر DOE اسکول کی سیل فون پالیسی کے بارے میں مزید جانیں۔

## سب کے لیے احترام کو یقینی بنانا

DOE ایسے اسکولی ماحول تشکیل دینے اور قائم رکھنے کو اولیت دیتا ہے جو مشمولاتی، معاونتی اور طلبا اور عملے کے ممبران کے لیے پُراحترام ہوں۔ ہمارے اسکولوں میں کسی بھی قسم کی جسمانی جارحیت، ہراساں کرنے، دھمکانے، غنڈہ گردی اور امتیاز برتنے کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔



### ضابطہ انضباط کا اطلاق کہاں پر ہوتا ہے؟

- اسکول کے دوران، قبل، اور اسکولی دن کے اوقات کے بعد
- نیویارک شہر محکمۂ تعلیم کے سرمائے سے چلنے والی گاڑیوں میں سفر کرتے ہوئے
- اسکول کی کفالت کردہ تقریبات میں؛ اور
- اسکول کی املاک کے باہر جب طالب علم کا طرز عمل تعلیمی طریقۂ کار یا اسکولی برادری میں خلل ڈالے یا خلل ڈالنے کا امکان رکھے۔



یہ DOE کی پالیسی ہے کہ ایک ایسا تدریسی ماحول قائم رکھا جائے جو ہراساں کرنے، ڈرانے اور/یا غنڈہ گردی اور اصل یا ادراکی نسل، رنگ، نسلیت، قومی نژاد، نقل وطنی/شہریت کی صورتِ حال، مذہب، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی رجحان معذوری یا وزن کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے مبرا ہے۔

DOE کی **سب کے لیے احترام** پالیسی ان طرز عمل کو خاکہ کش کرتی ہے جن کی ہمارے اسکولوں میں ممانعت ہے یہ طلبا، والدین اور عملے کے ارکان کو کسی واقعہ کی رپورٹ کرنے کے مختلف طریقے بھی فراہم کرتی ہے اور محفوظ اور مشمولاتی تدریسی ماحول کو فروغ دیتی ہے۔

➤ schools.nyc.gov/respectforall پر سب کے لیے احترام کے بارے میں مزید جانیے۔

### غنڈہ گردی کا انسداد

غنڈہ گردی دھمکانے، امتیازی برتاؤ کرنے، یا ہراساں کرنے کی صورت اختیار کر سکتی ہے اور یہ جسمانی، سماجی، زبانی یا تحریری ہو سکتی ہے۔ اہل خانہ غنڈہ گردی کے انسداد میں ذیل کے طریقوں سے ایک اہم کردار ادا کرسکتے ہیں:

- اپنے بچے سے اس بارے میں بات کریں کہ غنڈہ گردی کیا ہے اور اس کے خلاف حفاظت کے ساتھ کس طرح کھڑا ہوا جائے؛
- اکثر اپنے بچے سے بات کریں اور اس کی بات سنیں؛
- اسکول، اس کے دوستوں اور کسی بھی تشویشات کے بارے میں پوچھیں؛
- کسی بھی تبدیلیوں پر نظر رکھیں، (جیسے کہ خود اعتمادی میں کمی، سونے میں دشواری، اور اسکول یا سماجی طور پر لوگوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے اجتناب کرنا)؛
- اس کے علاوہ، اپنے بچے کے ٹیکنالوجی کے استعمال پر نظر رکھیں۔ (سائبر غنڈہ گردی اس وقت واقع ہوتی ہے جب بچے ایک دوسرے کے ساتھ سوشل میڈیا، سیل فون ٹیکسٹ میسیجز یا دیگر الیکٹرانک طریقوں سے غنڈہ گردی کرتے ہیں)؛ اور
- اپنے بچے کو یہ بتائیں کہ جب ان کو ہراساں یا ان کے ساتھ غنڈہ گردی کی جائے تو ان کے لیے اپنی آواز اٹھانا اہم ہے۔

➤ اپنے بچے کے ساتھ غنڈہ گردی اور اس کے انسداد کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے stopbullying.gov پر مزید جانیے۔

### غنڈہ گردی کی شکایت کرنا

غنڈہ گردی کو کسی بھی شکل میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وہ طلبا جن کا خیال ہے کہ وہ کسی دوسرے طالب علم یا عملے کے ممبر کے ذریعے غنڈہ گردی یا دھمکانے والے طرزِ عمل، ایذا رسانی یا امتیازی برتاؤ کا شکار ہوئے ہیں، تو انہیں اس واقعے کو فوراً کسی بالغ فرد کو رپورٹ کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، کوئی بھی طالب علم جس کو غنڈہ گردی کا علم ہو اس کو بھی ایسے طرز عمل کی رپورٹ ان کے پورے اسکول میں چسپاں پوسٹر پر درج اسکول کے سب کے لیے احترام کے رابطہ کار کو یا اسکول کے کسی ملازم کو کرنی چاہیے۔

کوئی بھی شخص، بشمول والدین کے، غنڈہ گردی کی رپورٹ بذریعہ ای میل بھی کرسکتا ہے RespectForAll@schools.nyc.gov یا مدد کے لیے 2288-935 (718) پر فون کریں۔

### عملے کا طالب علم کو ہراساں کرنا

خاندانوں کو عملے کے ذریعے اپنے بچے کے ساتھ غنڈہ گردی، ہراساں کرنے، یا دھمکانے کی رپورٹ اسکول کے پرنسپل یا DOE کے **دفتر برائے خاص تفتیش** (OSI) کے پاس کرنی چاہیے۔

عملے کے طالب علم سے نسل، رنگ، عمر، قومیت، مذہب، عقیدے، قومی نژاد، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی رجحان، نقل وطنی کی حیثیت، وزن یا معذوری کی بنیاد پر امتیازی برتاؤ کی رپورٹ آپ کو اپنے بچے کے پرنسپل یا **دفتر برائے یکساں مواقع** (OEO) کے پاس کرنی چاہیے۔

➤ OSI یا OEO کے پاس ایک نالش درج کروانے کے لیے schools.nyc.gov/about-us/leadership/legal پر جائیں۔

### حفاظتی منتقلیاں

جو والدین یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے بچے اسکول میں غیر محفوظ ہیں ان کو اپنی تشویشات کے بارے میں اسکول کے پرنسپل یا نامزد کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیے۔ اگر حفاظتی منتقلی ضروری ہے تو تحفظاتی مسئلے کے متعلق دستاویزات کو اکٹھا کرنے کے لیے اسکول والدین کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ اسکولوں کے لیے مناسب اہل خانہ استقبالیہ مرکز میں ایک منتقلی درخواست کے ساتھ تمام مناسب معاونتی دستاویزات کو جمع کروانا لازمی ہے۔

➤ ذیل پر مزید جانیے nyc.gov/schools/transfers یا 3500-935 (718) پر رابطہ کریں۔

## 3-K

**3-K** پروگرامز تین سالہ بچوں کو یگانہ مواقع فراہم کرتے ہیں جو انکو مستقبل میں اسکول اور زندگی میں کامیابی کے لیے مستعد کرتے ہیں۔ تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ اعلی معیار کی ابتدائی تعلیم کے دو سال الیمنٹری اسکول میں جانے والے بچوں کو ایک مضبوط ریاضی، مطالعہ، زبان، اور سماجی-جذباتی صلاحیتیں فراہم کرتی ہے۔ فی الوقت چھ اضلاع میں دستیاب، ہر 3-K کلاس روم تجسس، تفتیش، تدریس اور خوشی سے بھرپور ہے۔ آخرکار، ریاست اور وفاقی قائدین کی شراکت میں شہر 3-K شہرپیما طور پر فراہم کرنے کی امید رکھتا ہے۔

### 3-K کے طلبا سیکھتے ہیں:

- بالغان اور ایکدوسرے کے ساتھ مثبت تعامل کے ذریعے زبان کو فروغ دیتے ہیں؛
- بلاکس، سائنس/ڈسکوری، فنون، اور ڈرامائی کھیلوں کے ذریعے عملی تدریس میں مشغول ہوتے ہیں؛
- کلاس روم کے یومیہ معمولات تخلیق کرنا؛ اور
- اپنے احساسات اور خیالات کا اظہار کرنا۔

2016 میں پیدا ہونے والے وہ تمام بچے جو نیو یارک شہر میں رہتے ہیں وہ 2019–20 تعلیمی سال کے دوران 3-K کے لیے اہل ہیں۔

schools.nyc.gov/3k پر مزید جانیے۔

## پری کنڈرگارٹن

**پری کنڈرگارٹن** بچوں کو مسائل حل کرنا، مطالعہ کرنا، سوالات پوچھنا، لسانی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور مل کر کام کرنا سکھاتا ہے۔ نیو یارک شہر میں ہر چار سالہ بچہ مفت، مکمل دن کے، اعلی معیار کے پری کنڈرگارٹن میں شرکت کر سکتا ہے۔ ہر مضافاتی علاقے میں ضلعی اسکولوں، پری کنڈرگارٹن مراکز، نیو یارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز (NYCEECs) میں پروگرام دستیاب ہیں۔

### پری کنڈرگارٹن میں طلبا سیکھتے ہیں:

- مسائل حل کرنا، ہندسوں کی نشان دہی کرنا، ان کو پہچاننا، اور حروف پہچاننا اور لکھنا، سوالات پوچھنا، باری کا انتظار کرنا، اور ہم جماعتیوں کے ساتھ اشتراک کرنا؛
- کتب، قافیہ بندی، اور گانوں نغموں، اور اساتذہ اور ہم جماعتیوں کے ساتھ گفتگو کر کے ذخیرۂ الفاظ کی تعمیر کرنا؛
- مصوری، پینٹنگ، مجسمہ سازی اور دیگر فنون کے ذریعے تخلیقی انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا؛
- تندرستی کی سرگرمیوں میں شامل ہونا، معمولات سے ہم آہنگ ہونا، اور مثبت اور صحت افزا عادات اپناتے ہیں؛
- اپنے آس پاس کی دنیا کے بارے میں علم حاصل کرتے ہیں اور سیکھتے ہیں کہ اس کا اطلاق ریاضی، سائنس معاشرتی علوم اور فنون میں کس طرح کیا جائے۔

2015 میں پیدا ہونے والے وہ تمام بچے جو نیو یارک شہر میں رہتے ہیں وہ 2019-20 تعلیمی سال کے دوران پری کنڈرگارٹن کے لیے اہل ہیں۔

schools.nyc.gov/prek پر مزید جانیے۔

### اسکولی دن کے علاوہ، پری کنڈر گارٹن کی تعلیم

ابتدائی بچپن کی تعلیم کا آغاز ایلیمنٹری اسکول میں داخلے سے بہت قبل ہوتا ہے- تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ بچوں کے ذہن کی 85 فیصد نشوونما پانچ سال کی عمر سے قبل ہوتی ہے۔ آپ کا بچہ کیا جانتا ہے اور کیا کرنے کے قابل ہے اس کو وسعت دینے کے لیے اسکولی دن کے بعد تعلیم میں رہنمائی کرنے کے لیے والدین اپنے بچوں کی مدد کر سکتے ہیں۔ schools.nyc.gov/preklearn پر مزید جانیے اور وسائل تلاش کریں



## الیمنٹری اسکول (گریڈز K-5)

**الیمنٹری اسکول** بچے کی تعلیم حاصل کرنے اور نئی معلومات کو محفوظ کرنے کی صلاحیت کو فروغ دیتا ہے۔ الیمنٹری اسکولوں میں طلبا اپنی تخلیقی اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے مختلف مضامین کا مطالعہ کرتے ہیں تاکہ طلبا بعد کے گریڈز کی مسابقتوں پر پورا اتر سکیں۔ گریڈز K-5 پڑھنے، لکھنے، سننے بولنے، ریاضی، سائنس، سماجی علوم، صحت، جسمانی تعلیم اور فنون کی بنیاد قائم کرتے ہیں۔

## کنڈرگارٹن

کنڈرگارٹن میں خواندگی اور حساب کے بنیادی تعمیری بلاک کو تشکیل دیا جاتا ہے۔ اس گریڈ میں طلبا درج ذیل چیزیں سیکھیں گے:

- حروف تہجی سیکھنا، (جن میں حروف اور الفاظ کی آوازیں اور تلفظ شامل ہیں)؛
- بات چیت، مصوری، اور تحریر کے ذریعے خیالات اور جذبات کا اظہار کرنا؛
- موسیقی، حرکت کرنے اور کھیل بنانے کی تفتیش کرتے ہیں؛
- ہندسوں کی نشان دہی کرنا اور 100 تک گننا؛



- 10 تک ہندسوں کی جمع و تفریق کرنا؛
- خاندان، اسکول، اور برادری کے ارکان کے بارے میں جاننا؛ اور
- پودوں اور جانوروں کی تعلیم اور مخصوص اشیاء (مثلاً دھات اور لکڑی) کی اور ان کی خصوصیات کی نشان دہی کرنا۔

## پہلا گریڈ

پہلے گریڈ میں طلبا اپنے الفاظ اور ریاضی کے علم کی بنا پر آگے کا سفر شروع کرتے ہیں، اور:

- عددی برتری اور مکمل اعداد کا فہم حاصل کرتے ہیں؛
- 20 تک اعداد کی تفریق کرتے ہیں؛
- اشکال کی وضاحت؛
- وقت بتاتے ہیں؛
- مختلف شکل، سائز اور قسم کے جانوروں کی نشان دہی اور ان کا موازنہ کرتے ہیں؛
- ٹھوس، مائع اور گیسوں کی خصوصیات کی پہچان کرتے ہیں؛
- موسم اور موسمی تبدیلی کا بنیادی فہم حاصل کرتے ہیں؛ اور
- موسیقی اور تال کے بارے میں واقفیت حاصل کرتے ہیں۔

## دوسرا گریڈ

دوسرے گریڈ کے طلبا اپنی ریاضی کی صلاحیتوں کو مزید وسعت دیتے ہوئے مختلف متن کے ذریعے مطالعے اور تحریر کی صلاحیتیوں کو فروغ دیں گے۔ طلبا ذیل کا آغاز کریں گے:

- اپنی تحریر میں تدوین کریں؛
- جو مطالعہ یہ کر رہے ہیں اس کے بارے میں "کون، کیا، کب، کہاں، کیوں اور کیسے" جیسے سوالات پوچھیں گے؛
- یہ ریاضی میں لفظی مسائل کو حل کرنا سیکھیں گے؛
- 100 تک جمع اور تفریق کرنا؛
- کسروں کے ساتھ اور پیمائش کے یونٹ کے ساتھ کام کرنا، جیسے رقم؛
- نیو یارک شہر کی تاریخ، جغرافیہ اور مقامی حکومت کا مطالعہ کرنا؛ اور
- بنیادی ارضی سائنس کی تدریس۔

## تیسرا گریڈ

تیسرے گریڈ میں، ضرب اور تقسیم پر مشتمل اپنی ریاضی کی مہارت کو بہتر بناتے ہوئے طلبا یہ سیکھیں گے کہ اپنے خیالات کا اظہار واضح طور پر کس طرح کیا جائے۔ تیسرے گریڈ کے طلبا:

- 100 تک ضرب اور تقسیم کے مسائل حل کرتے ہیں؛
- عالمی برادریوں اور ثقافتوں کے بارے میں پہلی بار سیکھتے ہیں؛
- آواز اور حرارت کا بہتر فہم حاصل کرتے ہیں؛
- یہ سیکھنا کہ جانور اور پودے کس طرح رہتے اور اپنے ارد گرد ماحول کو کس طرح اپناتے ہیں؛ اور ؛
- پہلی بار نیویارک ریاست کے ریاضی/ELA امتحانات دیتے ہیں۔

## چوتھا گریڈ

جب طلبا چوتھے گریڈ میں پہنچتے ہیں تو وہ:

- متن کے مرکزی خیال یا موضوعات کی نشان دہی کرتے ہیں نوٹس لکھتے، تحقیق کرتے اور معلومات کو منظم کرتے ہیں؛
- کثیر اقدامات کے، الفاظ پر مبنی ریاضی کے مسائل حل کرتے ہیں؛
- کسروں کو جمع، تفریق اور ضرب دیں گے؛
- زاویوں، حجم، مادے کی مقدار اور وقت کی پیمائش کرتے ہیں؛
- نیو یارک ریاست کی تاریخ اور حکومت کا مطالعہ کرتے ہیں؛ اور
- جانوروں، پودوں، قدرتی ماحول، بجلی، مقناطیسیت اور پانی، زمین اور ہوا کے ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کرنے کے طریقوں کو سیکھتے ہیں۔

## پانچواں گریڈ

پانچویں گریڈ کے طلبا — مڈل اسکول سے قبل آخری گریڈ — اس نصاب کی تیاری میں وقت صرف کریں گے جس کو گریڈ 8-6 میں پڑھایا جاتا ہے۔ اس پورے تعلیمی سال میں، پانچویں گریڈ کے طلبا:

- مزید دقت طلب کتب کا مطالعہ کر کے اور نئے الفاظ سیکھ کر اپنے ذخیرۂ الفاظ کی تعمیر کریں گے؛
- تشبیہی زبان کو سمجھنا اور استعمال کرنا؛
- ثبوت کو استعمال کر کے اپنی تشریحات کا اشتراک کرتے ہوئے متن کی وضاحت اور تلخیص کریں گے؛
- سوویں جگہ تک اعشاریے کو استعمال کرنے کی تعلیم حاصل کریں گے؛
- برتر کسروں، جیومیٹری، پیمائشوں اور قوت نما کو مربوط کریں گے؛
- عالمی جغرافیہ، مغربی ثقافتوں، ابتدائی مغربی معاشروں کی تعلیم حاصل کریں گے؛
- ارضی سائنس بشمول ماحولیاتی نظام کے بارے میں مزید سیکھیں گے؛
- اچھی صحت اور غذائیت کے طریقوں کا جائزہ لیں گے۔

## مڈل اسکول (گریڈز 8-6)

**مڈل اسکول** ایک بچے کی تعلیمی اور سماجی نشوونما کے لیے ایک اہم دورانیہ ہے۔ یہ منتقلی کا ایک ایسا وقت ہے جو کئی جسمانی، جذباتی، اور سماجی تبدیلیاں لا سکتا ہے۔ بچے خود اعتمادی، اعتبار اور خودمختاری کے مسائل سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی اہم ہے کہ والدین اس وقت باخبر رہیں اور یہ جانیں کہ ان کے بچوں کی زندگیوں میں کیا ہو رہا ہے۔ یہ سال ہائی اسکول اور اسکے بعد کے لیے بنیاد ڈالتے ہیں جبکہ طلبا کالج کے لیے امکانات کی تحقیق اور تیاری کا آغاز کرتے ہیں۔

## چھٹا گریڈ

جب طلبا چھٹے گریڈ سے اپنے مڈل اسکول تجربے کا آغاز کرتے ہیں تو وہ:

- مختلف ادب کا مطالعہ کرتے ہیں، مصنف کے انداز، الفاظ کے انتخاب، نقطۂ نظر، اور ساخت کا تجزیہ کرتے ہیں؛
- زبان، انداز اور لہجے کو فروغ دیتے ہوئے حکایات اور دلائل تحریر کرتے ہیں؛
- الجبرا اور شماریات، تناسب اور ایک تغیر کی مساوات سیکھتے ہیں؛
- زمین پر توانائی کی مختلف قسموں اور زندگی کی فہم حاصل کرتے ہیں؛
- مشرقی کرہ کے جغرافیہ اور تاریخ کی تحقیق کریں گے بشمول افریقہ، ایشیا، یورپ، آسٹریلیا۔

## ساتواں گریڈ

ساتویں گریڈ کے طلبا:

- مختلف اصناف میں تحریر کریں گے، بشمول کثیر نقطہ نظر کے دلائل کے ساتھ استدلالیہ مضامین؛
- شرح، تناسب، مقدار اور فیصد کو استعمال کر کے ریاضی کے مسائل حل کریں گے؛
- اپنے جیومیٹری کے علم کو وسعت دیں گے بشمول رقبہ، سطح، احاطہ، اور حجم کے؛
- وقت کے ساتھ زمینی سطح میں تبدیلی کی تعلیم حاصل کریں گے؛
- قبل از نو آبادیاتی دور سے لے کر - خانہ جنگی کے دور تک شہر، ریاست اور ریاستہائے متحدہ کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں؛ اور
- بصری فنون، موسیقی، رقص، یا تھیٹر کی تحقیق کریں گے۔



### ہائی اسکول کے لیے تیاری کا آغاز کریں

مڈل اسکول طلبا اور ان کے خاندانوں کے لیے ہائی اسکول کی تیاری کا آغاز جلد کرنا اچھا ہوتا ہے۔

#### مستعد ہوں: گریڈ 6 اور 7

DOE کی ہائی اسکول ڈائریکٹری کے ذریعے اپنے بچے کی دلچسپیوں سے میل کھانے والے اسکولوں اور پروگراموں کی تحقیق کریں اور ہر ایک پروگرام میں داخلے کے مطلوبات کو جانیں۔ منتخب کرنے کے لیے 700 سے زائد پروگراموں کے ساتھ 400 سے زائد ہائی اسکول موجود ہیں۔

#### درخواست دیں: گریڈ *8

اسکول میلوں، معلوماتی اجلاس اور اوپن ہاؤسز میں شرکت کریں۔ اضافی معلومات کے لیے صفحہ 7 ملاحظہ کریں۔

*پہلی دفعہ نویں گریڈ میں داخل ہونے والے طلبا ہائی اسکول کے دسویں گریڈ میں اندراج کے لیے داخلے کی کاروائی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

## آٹھواں گریڈ

ہائی اسکول کا آغاز کرنے سے پورے ایک سال قبل مڈل اسکول کے طلبا:

- ایسے مختلف متن کی تشریح اور تجزیہ کریں گے جو ان کو ہائی اسکول کی سطح کے تقاضوں کے لیے تیار کریں گے؛
- تحریر کی مختلف تکنیکیں سیکھیں گے جیسے کہ تمثیل، تلمیح، اور ہجو نگاری؛
- استدلالی متن کی منطق اور جواز کی تشخیص کریں گے؛
- الجبرا کی مساوات کو حل کرنے کے لیے گراف پر کام کریں گے، پیتھوگورث کلیے استعمال کریں گے اور 2 ابعادی اور 3 ابعادی اشکال کا تجزیہ کریں گے؛
- یہ نشان دہی کریں گے کہ انسان ماحول کو کس طرح متاثر کرتا ہے؛
- حرکت کے قوانین کا مطالعہ کریں گے جو یہ وضاحت کرتے ہیں کہ زمین پر اور ہمارے نظام شمسی میں اشیاء کس طرح حرکت کرتی ہیں؛
- تعمیر نو، صنعتوں کے فروغ، عالمی جنگیں، اور امریکہ کی تاریخ کے جدید دور کی تحقیق کریں گے؛
- اپنے بصری فنون، موسیقی، رقص یا تھیٹر کے علم کو توسیع دیں گے۔



## تعلیمی مطلوبات برائے گریڈ 7 اور 8

| مضمون | گریڈ 7 | گریڈ 8 |
|---|---|---|
| فنون انگریزی زبان (ELA) | پورا سال | پورا سال |
| سماجی مطالعے | پورا سال | پورا سال |
| ریاضی | پورا سال | پورا سال |
| سائنس | پورا سال | پورا سال |
| انگریزی کے علاوہ دوسری زبان (LOTE) | ایک پورا سال | |
| جسمانی تعلیم | تدریس کا نصف سال | تدریس کا نصف سال |
| صحت | تدریس کے نصف سال کا میزان | |
| فنون | ایک پورا سال، ذیل میں سے کم سے کم دو کو مکمل کرنا: بصری فنون، موسیقی، رقص، یا تھیٹر | |
| ٹیکنالوجی | ایک مکمل سال | |
| لائبریری اور معلومات کی صلاحیتیں | فی ہفتہ ایک پیریڈ | فی ہفتہ ایک پیریڈ |
| کیریئر ڈیولپمنٹ اینڈ آکوپیشنل اسٹڈیز | ہر ایک اسکول وقت کا تعین کرے گا | |
| گھر اور کیریئر کی صلاحیتیں | سال کی تین سہ ماہی | |
| دولسانی تعلیم اور/یا ENL | اس کا انحصار طالب علم کی ضروریات پر ہے | |

مزید معلومات کے لیے صفحہ 12 پر ترقیاتی پالیسی کو سمجھیں کے حصے کو دیکھیں۔

## ہائی اسکول (گریڈز 9-12)

ہائی اسکول ایک پُرجوش وقت ہوتا ہے جب طلبا کے پاس زیادہ اختیارات ہوتے ہیں — اور زیادہ ذمہ داری بھی ہوتی ہے۔ طلبا مختلف موضوعاتی شعبوں میں مہارت کی جانب کام کرتے ہیں، کالج اور طرزمعاش کے مواقعوں کی کھوج کرتے ہوئے، اور سندیافتگی کی جانب مطلوبات کی تکمیل کرتے ہوئے۔ گریڈز اور کورس کا کام غیر نصابی سرگرمیاں، انٹرنشپس، اور رضاکاری کا تجربہ بہت اہم ہیں۔ ہائی اسکول طلبا کو اپنی ذمہ داریوں کی ترجیحات طے کرنے میں اور راستہ پر برقرار رہنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو گی۔

### تعلیمات

ہائی اسکول کے اختتام تک، طلبا سے کچھ کورسز اور مختلف مضامینی شعبوں میں امتحانات پاس کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے، بشمول انگریزی، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس۔ طلبا ان کورسز کو پاس کرکے کریڈٹس حاصل کرتے ہیں۔ مخصوص کورس کے انتخابات اسکول یا پروگرام کے اعتبار سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ طلبا کو سندیافتہ ہونے کے لیے 44 کریڈٹ حاصل کرنا لازمی ہے، جن کو مختلف مضامین کے شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے، اور مخصوص امتحانات پاس کرنا لازمی ہے۔

### ڈپلومہ کے لیے تقاضے

نیو یارک ریاست میں طلبا تین قسم کے ڈپلومہ حاصل کرسکتے ہیں: ایک **ریجنٹس ڈپلومہ**، ایک **ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ**، اور ایک **مقامی ڈپلومہ**۔ ایک ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ طلبا کو ریاضی، سائنس اور انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں اضافی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کا موقع دیتا ہے۔ تمام طلبا ایک ریجنٹس ڈپلومہ یا ایڈوانسڈ ڈپلومہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ایک مخصوص معیار پر پورا اترنے والے طلبا ایک مقامی ڈپلومہ کے ساتھ سندیافتہ ہونے کے لیے اہل ہیں۔ یہ تمام ڈپلومہ مستند ہائی اسکول ڈپلومہ ہیں۔

ایک ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے، طلبا کو مخصوص کورس کریڈٹس حاصل کرنا اور مخصوص ریجنٹس امتحانات پاس کرنا لازمی ہیں۔ تمام طلبا کی سب سے کڑے ممکنہ انتخاب کے مطلوبات کی تکمیل کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے، والدین جو یہ سمجھتے ہیں کہ ایک طالب علم سندیافتگی کی راہ پر نہیں ہے انہیں طالب علم کے رہنما مشیر سے فوراً بات کرنی چاہیے۔

➤ ذیل پر مقامی، ریجنٹس، اور ایڈونسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے ساتھ ساتھ کالج اور طرز معاش کی مستعدی کے بارے میں مزید جانیں [schools.nyc.gov/school-life/rules-for-students/graduation-requirements]۔

### کالج اور طرزِ معاش کی مستعدی

جتنا بھی ممکن ہو طلبا کو نہایت مسابقت طلب اور سخت گیر کورس کے کام کو مکمل کرنا چاہیے اور ان کو ایڈوانسڈ کورسز کے کام، اختیاری مضامین اور ضرورت کے مطابق اضافی مدد سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔



کالج اور طرزِ معاش کی مستعدی کا مظاہرہ کرنے کے لیے طلبا کی مطلوبہ امتحانات میں اعلی تر اسکورز حاصل کرنے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ ایک طالب علم کے لیے کالج میں یا ملازمت کی جگہ پر کامیابی کے لیے بالکل مستعد ہونے کے لیے ریاضی اور سائنس میں اضافی کورسز، سندیافتگی کے لیے مطلوب کے علاوہ، درکار ہوسکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے مشیر سے بات کریں۔

### طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم

ہائی اسکول میں داخل ہونے والے طالب علم کے لیے **طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE)** کورس کے سلسلے لینے کا انتخاب بھی موجود ہے، جس کے دوران طلبا مخصوص طرزِ معاش کے ایک جز کے بطور، سائنس، ٹکنالوجی، انجینئرنگ، اور ریاضی (STEM) کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ طلبا صنعت کے ماہرین کے ساتھ کام کر کے ملازمت کی صلاحیتوں کو سیکھتے ہیں۔ شعبوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، طبی نگہداشت، میڈیا اور ڈیزائن، تعمیرات، انجینئرنگ، نقل وحمل، کلینری آرٹس اور مہمان نوازی، نیز کاروبار شامل ہیں۔ تعلیم کے مخصوص پروگرام پر منحصر، ریاست سے منظور کردہ CTE سلسلوں کے لیے کریڈٹس کی تعداد مختلف ہوسکتی ہے، اور طلبا سے 44 سے زائد کریڈٹس حاصل کرنے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔

➤ [cte.nyc] پر CTE کے بارے میں مزید جانیے۔

### IEPs کے حامل طلبا کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی

ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کی منصوبہ بندی ایک اہم طریقِ کار ہے خاص طور پر IEPs کے حامل طلبا کے لیے۔ والدین کو سندیافتگی کے طریقوں، منتقلی کے وسائل، اور ان کے بچے کے لیے بہترین مواقع کے بارے میں اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، برو میں قائم **منتقلی اور کالج رسائی مراکز** والدین کے لیے اپنے بچوں کی سندیافتگی اور منتقلی کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے ایک اور ذریعہ پیش کرتے ہیں۔

➤ IEPs کے حامل طلبا کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے [schools.nyc.gov/special-education] پر جائیں۔

## ریجنٹس اور ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے مطلوبات


| ریجنٹس ڈپلومہ<br>کم سے کم تقاضے | | مضمون | ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ<br>کم سے کم تقاضے | |
|---|---|---|---|---|
| **نیو یارک ریجنٹس امتحان (کم سے کم اسکور 65)** | **کورس کریڈٹس** | | **نیو یارک ریجنٹس امتحان (کم سے کم اسکور 65)** | **کورس کریڈٹس** |
| **1 امتحان**<br>◂ ا فنون انگریزی زبان | **8 کورس کریڈٹ** | **فنون انگریزی زبان** | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| **1 امتحان**<br>◂ الجبرا ا<br>◂ جیومیٹری **یا**<br>◂ الجبرا II | **6 کورس کریڈٹس**<br>ایڈوانسڈ ریاضی میں کم سے کم 2 کریڈٹ (مثلاً جیومیٹری یا الجبرا II) | **ریاضی** | **3 امتحانات**<br>◂ الجبرا ا،<br>◂ جیومیٹری، اور<br>◂ الجبرا II | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| **1 امتحان**<br>◂ عالمی تاریخ اور جغرافیہ **یا**<br>◂ ریاستہائے متحدہ کی تاریخ اور حکومت | **8 کورس کریڈٹس**<br>◂ عالمی تاریخ: 4 کریڈٹس<br>◂ ریاستہائے متحدہ تاریخ: 2 کریڈٹس<br>◂ معاشیات: 1 کریڈٹ<br>◂ حکومت: 1 کریڈٹ | **معاشرتی علوم** | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| **1 امتحان**<br>◂ حیاتی ماحولیات<br>◂ کیمیا<br>◂ علوم ارضی **یا**<br>◂ طبیعیات | **6 کورس کریڈٹس**<br>◂ حیاتی سائنس: 2 کریڈٹس<br>◂ طبیعی سائنس: 2 کریڈٹس<br>◂ حیاتی سائنس یا طبیعی سائنس: 2 کریڈٹس | **سائنس** | **2 امتحانات**<br>◂ حیاتی ماحولیات<br>**اور**<br>◂ کیمیا<br>◂ علوم ارضی **یا**<br>◂ طبیعیات | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| کوئی نہیں | **2 کورس کریڈٹ** | **غیر ملکی زبان** | **1 امتحان**<br>◂ انگریزی کے علاوہ دوسری زبانیں (LOTE)* | **6 کورس کریڈٹ** |
| کوئی نہیں | **4 کورس کریڈٹ**<br>ہر سال | **جسمانی تعلیم** | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| کوئی نہیں | **1 کورس کریڈٹ** | **صحت** | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| کوئی نہیں | **2 کورس کریڈٹ** | **بصری فنون، موسیقی، رقص، یا تھیٹر** | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح | ریجنٹس ڈپلومہ کی طرح |
| **1 امتحان**<br>◂ کوئی بھی ریجنٹس امتحان **یا** طالب علم کی منتخب کردہ ریاست سے منظور شدہ تشخیص | **7 کورس کریڈٹ** | **اختیاری مضامین اور دیگر مطلوبات** | **1 امتحان**<br>◂ کوئی بھی ریجنٹس امتحان **یا** طالب علم کی منتخب کردہ ریاست سے منظور شدہ تشخیص | **3 کورس کریڈٹ** |
| **5 امتحانات** | **44 کورس کریڈٹ** | **کُل** | **9 امتحانات** | **44 کورس کریڈٹ** |

معذوری کے حامل چند طلبا کچھ ترمیمات کے ساتھ سندیافتہ ہونے کے اہل ہیں۔ ان ترمیمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے مشیر سے بات کریں۔

*طلبا کو صرف انگریزی کے علاوہ دو دوسری زبان (LOTE) کریڈٹس درکار ہیں اگر وہ ایک فنون یا CTE تصدیق نامہ حاصل کررہے ہیں۔ کچھ طلبا جنہیں ایسی معذوری ہے جو ایک زبان سیکھنے کو مسابقت طلب بناتی ہو وہ LOTE کے بجائے دیگر مضامین میں کریڈٹس حاصل کرسکتے ہیں۔

## ڈپلومہ سے فرق پڑتا ہے

زیادہ تعلیم رکھنے والے افراد کا ایک اعلٰی تنخواہ حاصل کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔
ذیل چارٹ تعلیمی سطح اور ہفتہ وار اوسط تنخواہ کے مابین تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔




ذرائع: یو ایس لیبر ڈپارٹمنٹ

**سندیافتہ ہونے کے دیگر طریقے:** دیگر پروگرام دستیاب ہیں جو اہل بڑی عمر کے یا کم کریڈٹ رکھنے والے طلبا کی ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے میں اور ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے تیار ہونے میں مدد کرتے ہیں۔

## تبادلہ اسکول

تمام تبادلہ اسکول کم کریڈٹ رکھنے والے طلبا کو کریڈٹس اور ہائی اسکول کی تکمیل کرنے کے لیے درکار صلاحیتیں حاصل کرنے اور کالج اور طرز معاش کے واسطے تیار کرنے کے لیے متعدد تعلیمی مواقع فراہم کرتے ہیں۔ وہ طلبا جن کی عمر 21-16 سال کے درمیان ہے جنہوں نے ہائی اسکول کا کم سے کم ایک سال مکمل کر لیا ہے تبادلہ اسکول میں شرکت کر سکتے ہیں۔ دیگر ہائی اسکولوں کی مانند، داخلے کے مطلوبات مختلف ہو سکتے ہیں۔ تبادلہ ہائی اسکولوں کی سندیافتگی کے مطلوبات وہی ہیں جو دیگر ہائی اسکولوں کے ہیں اور طلبا کو دن میں کُل وقت اسکول میں شرکت کرنی لازمی ہے۔

## نوبالغ برو مراکز

**نوبالغ برو مراکز** (YABCs) ڈپلومہ نہ دینے والے شام کے پروگرام ہیں اور ان ہائی اسکول طلبا کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں جو کریڈٹس حاصل کرنے میں پیچھے ہیں، اسکول چھوڑنے کے خطرے سے دوچار ہیں، یا دن کے دوران انکی بالغانہ ذمہ داریاں ہیں جو انہیں اسکول میں شرکت کرنے میں مزاحم ہوتی ہیں۔ 21–17 سال کی عمر کے طلبا جنہوں نے ہائی اسکول میں چار سال شرکت کی ہے اور کم سے کم 17 کریڈٹس حاصل کر چکے ہیں وہ YABC میں شرکت کرنے کے اہل ہیں۔

## ڈپلومہ کے متبادلات

شہر کے وہ مکین اور طلبا جو ایک ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرنے کی راہ پر گامزن نہیں ہیں یہ ایسی دیگر اسناد اور کریڈیشنل حاصل کر سکتے ہیں جو ان کے ہائی اسکول کے بعد طرز معاش کے انتخابات کو وسعت دینے میں مدد کریں گے:

### پاتھ ویز ٹو گریجویشن پروگرام

**پاتھ ویز ٹو گریجویشن** (P2G) طلبا کو جنکی عمریں 21-17 ہیں، ہائی اسکول مساوی ڈپلومہ حاصل کرنے میں مدد کر کے ان کے کامیاب مستقبل کے لیے تیاری اور درکار وسیلے فراہم کرتا ہے۔ P2G ایک کل وقتی مفت پروگرام ہے اور شہر بھر میں اسکے مقامات ہیں۔

➤ ذیل پر مزید جانیے p2g.nyc۔

### تعلیم بالغان اور جاری تعلیمی پروگرام

21 سال اور اس سے بڑی عمر کے بالغان، بالغان کے لیے بنیادی تعلیم، ہائی اسکول مساوی، دیگر زبانیں بولنے والوں کے لیے انگریزی اور طرز معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) کلاسوں میں اندراج کروا سکتے ہیں۔ کلاسیں پانچوں بروز میں واقع ہیں اور ان کی پیشکش دن کے دوران، شام کو اور ہفتہ/اتوار کو کی جاتی ہے۔

➤ schools.nyc.gov پر "تعلیمِ بالغان" کے لیے تلاش کرکے مزید معلومات حاصل کریں۔

### معذوری کے حامل طلبا کے لیے اسناد

معذوری کے حامل طلبا کی مناسب ترین مسابقت طلب ڈپلومہ انتخاب کی کوشش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ طلبا کے پاس ایک ریجنٹس-تصدیق یا مقامی ڈپلومہ کی جگہ، یا اسکے علاوہ، ایک یا دو اخراجی اسناد حاصل کرنے کے انتخابات ہیں: **کیرئر ڈولپمنٹ اینڈ آکوپیشنل اسٹڈیز (CDOS)** کمینسمنٹ کریڈنشل اور **اسکلز اینڈ اچیؤمنٹ** کمنسمنٹ کریڈنشل۔

یہ اخراجی اسناد ایک ہائی اسکول ڈپلومہ کے مساوی نہیں ہیں۔ جو طلبا یہ اسناد موصول کرتے ہیں وہ اسکول میں شرکت جاری رکھنے کے قابل ہیں جب تک کہ وہ ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرلیں یا اس اسکولی سال کے آخر تک جس میں وہ 21 سال کے ہوجائیں (جو بھی پہلے واقع ہو)۔ یہ اسناد تعلیم کے کم از کم 12سال مکمل کرنے کے بعد ہی عطا کی جاسکتی ہیں، کنڈرگارٹن کو نکال کر۔ اسکلز اینڈ اچیومنٹ کمنسمنٹ کریڈنشل صرف شدید ادراکی معذوری کے حامل ان طلبا کو دیا جاسکتا ہے جنہوں نے **نیویارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA)** میں حصہ لیا تھا۔





**کالج کے لیے منصوبہ بندی** ہمارے تمام طلبا کے لیے اہم ہے، خاندان جتنا جلدی کالج میں شرکت کرنے کی منصوبہ بندی کا آغاز کریں گے، طلبا کے لیے اگلا قدم اٹھانے کے لیے راہ اتنی ہی ہموار ہو گی۔ کالج کے کئی انتخابات ہیں، اور طلبا اور ان کے والدین کو مواقع، کالج کی درخواستوں اور داخلے سے مطلع رہنے کے لیے اسکول کے رہنما مشیر کے ساتھ باقاعدہ بات چیت کرنی چاہیے۔

## ذاتی کوائف نامہ (ریزیوم) تیار کرنا

منصوبہ چاہے چار سالہ یا دو سالہ کالج میں شرکت کرنے کا ہے یا ملازمت کرنے یا ملازمت کی تربیت کے پروگرام میں شرکت کا، ہائی اسکول کے طلبا کو سندیافتگی کے بعد خود مختاری کے لیے ممکنہ حد تک تیار ہونے کے واسطے تمام تعلیمی، غیر نصابی اور ملازمت کے مواقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

### تعلیمات

طلبا کو مزید مسابقت طلب کلاسیں لینے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ایڈوانسڈ کلاسیں طلبا کی ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے تقاضوں کی تکمیل کرنے اور کالج اور ملازمت کے لیے بہتر طور پر تیار ہونے میں مدد کر سکتی ہیں ان ایڈوانسڈ کلاسوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے رہنما مشیر کے ساتھ بات کریں۔

**ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP)** کورسز غیر ملکی زبان، فنون، انگریزی، تاریخ، حکومت، ریاضی، سائنس، اور دیگر مختلف مضامین کی کالج کی سطح کی کلاسوں کی پیشکش کرتے ہیں۔

**کالج ناو اور CUNY ارلی کالج** کورسز ہائی اسکول طلبا کے لیے مفت ہیں اور ان کا شمار CUNY کالج کی ڈگری کی جانب کیا جاتا ہے۔ کلاسوں کی پیشکش ہائی اسکول کی عمارت میں اسکولی دن کے آغاز یا اختتام پر کی جاسکتی ہے۔

**انٹرنیشنل بیچلریٹ (IB)** کورسز کالج کی تیاری کی کلاسیں ہیں جن کی پیشکش انفرادی طور پر یا ایک IB نصاب کے حصے کے طور پر کی جاتی ہے۔ کورس کے مضامین میں انگریزی، غیر ملکی زبان، معاشرتی علوم، سائنس، کمپیوٹر سائنس اور دیگر کورسز شامل ہیں۔

## ڈپلومہ تصدیقات

ڈپلومہ کی تصدیق ایک مخصوص شعبے میں زیادہ دشوار کام کی کامیابی سے تکمیل کو ظاہر کرتی ہے۔ فنون کی تصدیق، CTE تصدیق، **دہری تعلیم سیل، آنرز تقرری، ریاضی میں مہارت** اور **سائنس میں مہارت** دستیاب ہیں۔

## غیر نصابی سرگرمیاں

کالج اور آجر ان طلبا کو ترجیح دیتے ہیں جنہوں نے ایک سرگرمی یا مضمون میں دلچسپی یا صلاحیت کا مظاہر کیا ہو۔ کلبز، کھیل، اور بعد از اسکول پروگرام بھی کلاس روم کی تعلیم کو وسعت دیتے ہیں اور طلبا کی دوست بنانے اور پختگی کی تعمیر کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ طلبا کو مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول کے عملے کے ارکان سے بات کرنی چاہیے یا nyc.gov/dycd ملاحظہ کریں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**کئی کالج طلبا سے ریجنٹس امتحان میں ایک ڈپلومہ کے لیے مطلوب اسکور سے اونچے اسکور حاصل کرنے کا تقاضا کرتے ہیں۔ ان اونچے اسکورز کے بغیر، طلبا کو داخلے کے لیے رد کیا جا سکتا ہے یا ان کو کالج میں انسدادی کورسز لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔**



#### انٹرنشپس اور ملازمت کا تجربہ

طرز معاش سے تعارف اور ملازمت کا تجربہ طلبا کو اپنی ملازمت کی صلاحیتوں کی تعمیر، اپنے طرز معاش کے اہداف کو اجاگر کرنے، اور صنعت میں تعلقات بنانے کے موقع کی پیشکش کرتا ہے۔ یہ ذمہ داری، پختگی اور سماجی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں بھی مدد کرتا ہے۔ موسم گرما کے مہینے ان مواقع سے فائدہ اٹھانے کا عمدہ وقت ہوتے ہیں۔ کئی اسکول پورے سال انٹرنشپس اور ملازمت سیکھنے کے تجربے کی پیشکش بھی کرتے ہیں۔ طلبا کو مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے رہنما مشیر کے ساتھ بات کرنی چاہیے۔

## کالج میں داخلے کا امتحان

طلبا کو ایک چار سالہ کالج میں داخلے کے لیے، کالج کے داخلے کا کم سے کم ایک امتحان لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے جیسے کہ **اسکالسٹک اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ (SAT)** یا **ACT**۔ طلبا کالج میں کیسی کارکردگی دکھائیں گے اس کا تعین کرنے کے لیے اکثر اوقات کالج معیاراتی، قومی امتحانات کے اسکور کو استعمال کرتے ہیں۔ یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا کوئی ایک امتحان درکار ہے انفرادی کالج سے رجوع کریں۔ اس کے علاوہ، کالج میں قبول ہو جانے کے بعد بھی طالب علم کو تقرری کے امتحانات لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### PSAT

**دی پریلیمینری SAT (PSAT)** SAT کی مشق کا بہترین طریقہ ہے۔ اسکور اس بات کا اشارہ ہو سکتا ہے کہ ایک طالب علم SAT امتحان میں کیسی کارکردگی دکھائے گا اور یہ ان کو ممکنہ وظیفوں کے لیے اہل بنا سکتے ہیں۔

◄ collegeboard.org/student/testing/psat پر PSAT کے بارے میں مزید جانیں۔

### SAT

**SAT** ایک کثیر انتخابی متعدد انتخابات والا اور انشا پردازی کا امتحان ہے جس کو طلبا کی مطالعے، ریاضی، اور تحریری صلاحیتوں کی پیمائش کرنے کے لیے ڈیزائین کیا گیا ہے۔ عموماً طلبا اس کو دو بار لیتے ہیں: ایکبار گریڈ 11 میں اور دوسری بار گریڈ 12 میں۔ عام طور پر کالج طالب علم کے اعلی ترین اسکور کو زیر غور لاتے ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو معذوری کی بنیاد پر سہولیات دستیاب ہیں۔

### SAT اسکول دن

ہر بہار میں، شہر کے ہائی اسکول اسکول دن کے دوران بغیر کسی لاگت کے، گریڈ 11 کے طلبا کو SAT اور گریڈ 10 کے طلبا کو PSAT فراہم کرتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ بہار 2019 میں SAT اسکول دن کب ہوگا، ایک رہنما مشیر سے بات کریں۔

◄ khanacademy.org/test-prep/sat پر یہ جانیں کہ طلبا SAT امتحان کے لیے کس طرح تیاری کر سکتے ہیں۔

### SAT مضمون کے امتحانات

منتخبہ چار سالہ کالج عام طور پر اس کا تقاضا کرتے ہیں، یہ امتحانات مخصوص مضامین میں علم کی پیمائش کرتے ہیں۔ طلبا کو SAT مضمون کا امتحان ہائی اسکول کے متعلقہ کورس کو مکمل کرنے کے فوراً بعد دینا چاہیے۔ ضروری ہونے کی صورت میں فیس کی معافی اور معذوری کی بنیاد پر سہولیات دستیاب ہیں۔

◄ sat.collegeboard.org پر SAT اور SAT مضامین کے امتحانات کے بارے میں مزید جانیں۔

## ACT

SAT کا ایک متبادل، **ACT** انگریزی، ریاضی، مطالعہ اور سائنس کا احاطہ کرتا ہے۔ اس کی پیشکش تحریری جز کے ساتھ اور اس کے بغیر کی جا سکتی ہے۔ تحریری جز انگریزی حصے کا ایک اضافی حصہ ہوتا ہے اور زیادہ انتخابی کالج اس کا تقاضا کرتے ہیں۔ طلبا جن کالجوں کے لیے درخواست دیں گے انہیں ان کالجوں کے امتحان کے تقاضوں کو دیکھنا چاہیے۔ ضروری ہونے کی صورت میں فیس کی معافی اور معذوری کی بنیاد پر سہولیات دستیاب ہیں۔

➤ act.org پر ACT کے بارے میں مزید جانیں۔

## کالج کی درخواستیں

کالج کی درخواست مکمل کرنے اور کالج اور طرز معاش پروگراموں میں قبول کیے جانے کے لیے دیگر مطلوبہ کام کرنے میں وقت لگ سکتا ہے۔

تحقیق، تیاری اور وقت پر درخواستیں جمع کروانے کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے طلبا اور والدین کو ایک صلاح کار، اسکول مشیر، یا استاد کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ درخواست عموماً مضمون، تحریر کے نمونے، ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ اور کالج کے داخلے کے امتحان کے اسکورز اور اساتذہ کی جانب سے ایک سفارشی خط کا تقاضا کرتی ہے۔

➤ bigfuture.collegeboard.org/get-in/applying-101/timeline-12-grade پر کالج کی درخواست کا گوشوارہ وقت کا ایک نمونہ ملاحظہ کریں۔

## کالج کے لیے بچت کرنا

اپنے بچے کی کالج کی تعلیم کے لیے بچت کرنے کا آغاز جتنی جلد ہو کریں۔ نیو یارک ریاست کے **529 کالج بچت پروگرام** کالج کے لیے بچت کرنے والے اہل خانہ کے لیے ٹیکس کے نمایاں فوائد کی پیشکش کرتا ہے۔ مستقبل کے کالج کے طالب علم کے لیے کوئی بھی رشتہ دار یا دوست ایک اکاؤنٹ تشکیل دے سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے nysaves.org ملاحظہ کریں۔



**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**اپنے بچے کی کالج کی تعلیم کے لیے بچت کرنے کا آغاز جتنی جلد ہو کریں۔**

## مالی امداد کے لیے درخواست دینا

**مالی امداد** طلبا کی عطیات، وظیفوں، کام کے ساتھ تعلیم اور قرضوں کے ذریعے مدد کرتی ہے۔ مالی امداد اعلی تعلیم کی لاگت کو بہت حد تک کم کرسکتی ہے، اور تقریباً ہر طالب علم کو کالج جانے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

کالج کے لیے کئی قسم کی مالی امداد کا اہل ہونے کے لیے، طلبا اور ان کے اہل خانہ کو **وفاقی طالب علم امداد کی مفت درخواست**، جس کو **FAFSA** کہا جاتا ہے جمع کروانا لازمی ہے۔ FAFSA میں طلبا اور

## کالج اور کیریئر کے وسائل

- **کالج کی منصوبہ بندی کا دستی کتابچہ:** www1.nyc.gov/assets/dhs/downloads/pdf/cpp/DOE-College-Handbook.pdf
- **کالج/طرزِ معاش کے واسطے تیاری برائے ELLs اور ان کے اہلِ خانہ:** schools.nyc.gov/ells/college-readiness-for-ells
- **نیویارک ریاست اعلی تعلیمی خدمات کارپوریشن:** hesc.ny.gov
- **کیریئر زون:** careerzone.ny.gov
- **بگ فیوچر بائے دی کالج بورڈ:** bigfuture.collegeboard.org/college-search
- **تعلیمی اور مالی تیاری کی جانچ فہرست:** https://studentaid.ed.gov/sa/sites/default/files/college-prep-checklist.pdf
- **منتقلی اور کالج رسائی مراکز:** schools.nyc.gov/specialeducation



والدین کو اہل خانہ کی آمدنی کے بارے میں بنیادی سوالات کے ایک سلسلے سے گزرنا پڑتا ہے۔ اہل خانہ کے لیے لازمی ہے کہ یہ بچے کے کالج میں شرکت کرنے والے ہر سال کے لیے FAFSA جمع کروانے کے ساتھ ساتھ سالانہ ٹیکس فائل کریں۔

FAFSA آن لائن 1 اکتوبر سے FAFSA.ed.gov پر دستیاب ہوگی، اور خاندان اپنے جدید ترین ٹیکس ریٹرنز (2017) سے آمدنی کی معلومات کا استعمال کرسکتے ہیں۔

FAFSA کو مکمل کرنے کے لیے اسکول مشیر، استاد، یا منتظم سے بات کریں یا ایک تفصیلی جائزے اور رہنمائی کے لیے جو 10 زبانوں میں دستیاب ہے، understandingfafsa.org پر جائیں۔

## مالی امداد کی قسمیں

FAFSA کو پُر کر کے طلبا متعدد قسم کی مالی امداد کے اہل ہو جاتے ہیں:

**عطیات** وفاقی اور ریاستی حکومتوں کے ساتھ ساتھ کالجوں کے ذریعے فراہم کیے جاتے ہیں۔ عطیات کا انحصار طالب علم اور اہل خانہ کی ضروریات پر ہے اور اس کو واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

➤ ہائی اسکول سے کالج میں منتقلی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/school-life/learning/college-and-career-planning پر جائیں۔

**نیو یارک اسٹیٹ ٹیوشن اسسٹینس پروگرام (TAP):** نیویارک کے کچھ کالجوں یا یونیورسٹیوں کے لیے ایک گرانٹ ہے۔ صرف نیویارک ریاست میں رہنے والے طلبا TAP کے لیے اہل ہیں۔ ذیل پر اہلیت سے متعلق معلومات، درخواست کیسے دی جائے ، اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات کو پائیں hesc.ny.gov/pay-for-college/apply-for-financial-aid/nys-tap۔

**وظیفے** عموماً تعلیم، کھیلوں، رضاکارانہ کام، دلچسپی، نسل یا مذہب کی بنیاد پر دیے جاتے ہیں۔ مخصوص شرائط کے لیے انفرادی کالجوں سے معلوم کریں۔ وظائف کو واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

**نیو یارک ریاست کا ایکسلسیئر اسکالر شپ** پروگرام سال میں $125,000 کمانے والے نیو یارک شہر کے مکینوں کو تمام SUNY اور CUNY میں دو اور چار سالہ کالج کے لیے مفت ٹیوشن فراہم کرتا ہے۔

➤ ny.gov/programs/tuition-free-degree-program-excelsior-scholarship پر مزید جانیں۔

**تعلیم کے ساتھ کام** طلبا کو کالج کے اخراجات کے لیے پیسہ کمانے کے لیے جز وقتی طور پر کالج کے کیمپس میں یا برادری میں ملازمت کرنے کا موقع دیتا ہے۔

**قرضے** کالج کے لیے رقم ہے جس کو طالب علم اور ان کے اہل خانہ کے ذریعے واپس کرنا لازمی ہے۔ وفاقی حکومت مالی طور پر ضرورت مند طلبا کو کم سود پر قرضوں کی پیش کش کرتی ہے۔



## کالج کے اخراجات کو سمجھنا

مالی پریشانیاں اہل خانہ اور طلبا کو تمام اختیارات کو ایکسپلور کرنے میں مانع نہیں ہونا چاہیے- لیکن یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کالج کا خرچہ کتنا ہے۔ کالج کا سب سے بڑا خرچہ عموماً ٹیوشن ہے، یعنی وہ قیمت جو کالج کلاسوں کے لیے لیتے ہیں۔ شرکت کی کل لاگت میں خرچے کے چار دیگر زمرے شامل ہیں:

- کمرہ اور طعام، (رہائش اور طعام)
- کتب اور لوازمات
- ذاتی اخراجات
- ذرائع آمد و رفت

کسی مخصوص کالج کے لیے قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے collegecost.ed.gov/scorecard پر جائیں۔

**چار سالہ کالج میں شرکت کرنے اور گھر پر رہنے والے نیو یارک شہر کے طالب علم کا سالانہ خرچہ***

| کالج | CUNY | اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک (SUNY) | نیو یارک شہر کے قریب نجی کالج |
|---|---|---|---|
| ٹیوشن اور فیس | $7,005 | $8,310 | $39,460 |
| کمرہ اور طعام (رہائش، کھانا، عام اشیاء کے استعمال کا بل، پارکنگ کا خرچہ) | $5,502 | $3,860 | $3,300 |
| کتب اور لوازمات | $1,364 | $1,340 | $1,100 |
| نقل وحمل اور سفر | $1,088 | $1,900 | $1,000 |
| ذاتی اخراجات | $1,788 | $1,630 | $1,100 |
| **شرکت کی کل لاگت** | **$16,747** | **$17,040** | **$45,960** |

*موسم خزاں 2017 کی ٹرم کی بنیاد پر

## مالی امداد کے وسائل

- ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم کی **FAFSA** کے لیےطالبانہ وفاقی امداد کی ویب سائٹ: fafsa.ed.gov
- طلبا اور اہل خانہ کے لیے ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم طالبانہ وفاقی امداد کی ویب سائٹ: studentaid.ed.gov
- بغیر دستاویز کے طلبا کے لیے مالی امداد: thedream.us/resources/education
- بغیر دستاویز کے طلبا کے لیے مالی امداد: iacac.org/undocumented/money
- **FAFSA** کو سمجھنا: ہائی اسکول کے طلبا کے لیے ہدایات: understandingfafsa.org
- ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم کے کالج کی قیمت اور خرچہ برداشت کرنے کی اہلیت: collegecost.ed.gov
- نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کی تعلیمی مالی امداد کا ویب پیج: schools.nyc.gov/FinancialAid
- مالی امداد قرضے کا حساب لگانا: finaid.org/calculators/loanpayments.phtml
- **FAFSA** کے لیے سات آسان اقدامات: finaid.ucsb.edu/fafsasimplification
- مالی امداد کی مقامی سرگرمیوں کی تحقیق کریں: startheregetthere.org; collegegoalny.org

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

جو طلبا **FAFSA** مکمل کرتے ہیں ان کا کالج میں اندراج کروانے کا امکان دوگنا سے زیادہ ہوتا ہے۔

ذرائع: DOE FAFSA تکمیل پائلٹ پراجیکٹ




**کلاس روم کے باہر تعلیم** ایک بڑا فرق لا سکتی ہے۔ والدین کے لیے بچوں کو اسکول کے باہر اہم تعلیم فراہم کرنے میں مدد کرنے کے لیے کئی وسیلے اور مواقع دستیاب ہیں۔

## کھیلوں میں حصہ لیں

**دی پبلک اسکول اتھلیٹک لیگ (PSAL)** طلبا کو منظم کھیلوں کے پروگرام مہیا کرتا ہے۔ PSAL پچیس وارسٹی کھیلوں میں تمام پبلک ہائی اسکولوں کے لیے انٹر اسکالسٹک مقابلوں کا اہتمام کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے psal.org پر جائیں۔

## گھر پر علم حاصل کریں

مندرجہ ذیل ویب سائٹس پر ایسی قیمتی رہنمائی اور وسائل ہیں جن کو طلبا اور والدین گھر پر کلاس روم کی تعلیم کی معاونت کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں:

- **قومی PTA کی طلبا کی کامیابی کے واسطے والدین کے لیے رہنمائی:** pta.org/4446.htm
- **ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم والدینیت وسائل:** ed.gov/parents/landing.jhtml
- **ریاستہائے متحدہ کانگریس کی لائبریری کی مطالعاتی ویب سائٹ:** read.gov
- **دی میتھ فورم کا "آسک ڈاکٹر میتھ" ویب پیج:** mathforum.org/dr.math
- **نیشنل جیوگرافک کڈز:** kids.nationalgeographic.com
- **سمیتھ سونین سائنس ایجوکیشن سینٹر:** ssec.si.edu
- **پی بی ایس پیرنٹس:** pbs.org/parents
- **والدین کے لیے سیسمی اسٹریٹ کی سائٹ:** sesamestreet.org/parents

## نیو یارک بطور آپ کے کلاس روم کے

ہر سال، دنیا بھر سے لاکھوں افراد ہمارے پانچوں بروز میں واقع دنیا کی عمدہ ترین قدرتی، تعمیراتی، تاریخی، اور ثقافتی پر کشش جگہوں کو دیکھنے کے لیے آتے ہیں۔

شہر کی لائبریریوں، پارکس، عجائب گھروں، چڑیا گھروں، تھیٹر اور تاریخی مقامات کا دورہ کر کے ان سب سے مستفید ہوں جس کی پیش کش نیو یارک کرتا ہے۔

درج ذیل سائٹوں پر شہر کی مشہور ترین پرکشش جگہوں اور مختلف مقامات، بشمول تقریبات اور سرگرمیوں کے، بارے میں مزید جانیں:

- **نیو یارک پبلک لائبریری کا "لرن" صفحہ:** nypl.org/learn
- **نیو یارک شہر محکمۂ پارکس اور تفریح:** nycgovparks.org
- **کوئنز پبلک لائبریری:** queenslibrary.org
- **بروکلن پبلک لائبریری:** bklynlibrary.org
- **نیو یارک ہسٹوریکل سوسائٹی کا چلڈرنز ہسٹری میوزیم:** nyhistory.org/childrens-museum
- **امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری:** amnh.org
- **دی برونکس زو:** bronxzoo.com

شیڈول، تقریبات، اور پر کشش مقامات اکثر تبدیل ہو جاتے ہیں، اس لیے ان سائٹس کو باقاعدگی سے دیکھتے رہیں۔



## IDNYC کے لیے درخواست دیں

**IDNYC** شہر کا مفت بلدیاتی شناختی کارڈ ہے جو 14 سال اور اس سے بڑی عمر کے نیو یارک شہر کے تمام مکینوں کے لیے دستیاب ہے۔ IDNYC کارڈ کو بطور شناخت اور رہائش کے ثبوت کے لیے شہر کی ایجنسیوں بشمول DOE اور NYPD کے وسیع پیمانہ پر قبول کیا جاتا ہے۔ کارڈ کے حاملین فلموں کی ٹکٹوں، لائیو پرفارمنسز اور کھیلوں کی تقریبات کے لیے رعایت کے ساتھ ساتھ 40 ثقافتی اداروں بشمول میٹروپالیٹن میوزیم آف آرٹ، دی امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، دی برونکس زو اور بہت کچھ کے لیے ایک سال کی مفت رکنیت موصول کرتے ہیں۔ مکین اپنے IDNYC کارڈ کو شہر کی کسی بھی پبلک لائبریری میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

➤ مزید جاننے کے لیے nyc.gov/idnyc پر جائیں۔

## این وائی سی ریڈز 365

مطالعہ زندگی کی ایک اہم مہارت ہے؛ ہم جتنا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں؛ ہم اتنا ہی زیادہ علم حاصل کرتے ہیں، اور اتنی ہی زیادہ ہمارے ذہن کی ورزش ہوتی ہے۔

**این وائی سی ریڈز 365** DOE کی ایسی مہم ہے جو نیو یارک کے تمام عمر کے مکینوں کو ہر ایک روز مطالعہ کرنے کے لیے چیلنج کرتی ہے۔ عمر کی مناسبت سے مطالعے کی فہرستوں کو استعمال کر کے، شہر بھر کے والدین، بچوں کی تفریح، معلومات، تفریح، واقفیت اور ترغیب کی خاطر مطالعہ کرنے کے لیے اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔

➤ ذیل پر این وائی سی ریڈز 365 بشمول مطالعے کی فہرست اور تجاویز کے بارے میں مزید جانیں: schools.nyc.gov/nycreads365۔



**اپنے حقوق کو جانیے۔** ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت آپ کو بطور والدین اور سرپرست مخصوص حقوق حاصل ہیں۔ ان میں درج ذیل حقوق شامل ہیں:

- عوامی اجلاس کے ساتھ ساتھ چانسلر کی سماعت، شہری بورڈ (مثلاً پینل برائے تعلیمی پالیسی)، اجتماعی مہتمم، اجتماعی تعلیمی کانسل اور اسکولوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اور ان میں شرکت کرنا؛
- محکمۂ تعلیم اور/یا دیگر ریاستی ایجنسیوں یا وفاقی ایجنسیوں کے پاس اسکول کے کسی فیصلے کی اپیل کرنا یا آپ کے بچے کی تعلیم کو متاثر کرنے والے کسی معاملے کے بارے میں شکایت دائر کرنا؛ اور
- ایسے پروگراموں کی معلومات تک رسائی جو آپ کے بچے کی ایسے اسکولوں میں داخلے میں مدد کریں جو آپ کے بچے کی شرکت کرنے کے زون سے باہر ہیں، جہاں بھی مناسب ہو۔

➤ والدین کے حقوق کے قانون کے بارے میں مزید جاننے یا یہ جاننے کے لیے کہ ایک شکایت کس طرح دائر کی جائے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/parentrights یا 311 پر رابطہ کریں۔

## طالب علم کے ووٹ دینے کے حق کا نوٹس

نیو یارک ریاست کے شہری ووٹ دینے کے لیے اہل ہیں بشرطیکہ یہ 18 سال یا اس سے بڑی عمر کے ہیں۔ محکمۂ تعلیم طلبا کے اپنے ووٹ ڈالنے کے حق کو استعمال کرنے کی قابلیت کی معاونت کرتا ہے۔ ووٹر رجسٹریشن فارم تمام ہائی اسکولوں کے صدر دفتر میں دستیاب ہوتے ہیں اور اسکولوں سے طلبا کی یہ یاد دہانی کروانا مطلوب ہے کہ وہ 17 سال کی عمر کے ہو جانے کے بعد ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کرواسکتے ہیں (بشرطیکہ یہ اگلے انتخابات سے قبل 18 سال کی عمر کے ہو جائیں گے)۔ ووٹر رجسٹریشن فارم ہائی اسکول سے سندیافتہ ہونے والے سینئرز کو بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔

➤ ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے یا اپنی ووٹر رجسٹریشن کی صورت حال کی تصدیق کرنے کے لیے ذیل پر جائیں vote.nyc.ny.us/html/voters/register۔

## وفاقی رازداری کے حقوق کا نوٹس

اہل خانہ کے **تعلیمی حقوق اور رازداری کا ایکٹ (FERPA)** والدین کو اور 18 سال سے بڑی عمر طلبا کو طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ کے متعلق مخصوص حقوق دیتا ہے۔ **والدین کے حقوق کا قانون، والدین کے حقوق کا قانون برائے ڈیٹا کی رازداری اور تحفظ،** اور **چانسلر کا ضابطہ A-820** اضافی معلومات فراہم کرتا ہے جس کو آپ ذیل پر تلاش کر سکتے ہیں schools.nyc.gov

### دیگر امور کے علاوہ، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- DOE کے ذریعہ آپ کی درخواست موصول ہونے کے 45 دنوں کے اندر آپ کو اپنے بچے کے ریکارڈ کی جانچ کرنے اور جائزہ لینے کا۔



✓ ایک ایسی تحریری درخواست جمع کروانے کا جس میں اس ریکارڈ ( ریکارڈوں) کی نشان دہی کی گئی ہو جن کا آپ جائزہ لینا چاہتے ہیں۔ آپ کے بچے کا اسکول آپ کو اس وقت اور مقام سے مطلع کرے جہاں آپ ان ریکارڈ کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

- اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں تبدیلی کی درخواست کرنا جب آپ کا ماننا ہو کہ یہ غلط، گمراہ کن یا بصورت دیگر FERPA کے تحت آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہوں۔

✓ ریکارڈ میں تجدید کرنے کے لیے تحریری درخواست دینے اور ان مشمولات کی نشان دہی کرنے کا جن کو آپ تبدیل کرنا چاہتے ہیں اور ایسا کرنے کی وجہ ۔ اگر محکمۂ تعلیم درخواست کے مطابق ریکارڈ میں تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے، آپ کو فیصلے اور آپ کی سماعت کے حقوق اور سماعت کے مخصوص طریق کار سے مطلع کیا جائے گا۔

- اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو افشا کرنے سے قبل تحریری اجازت فراہم کرنا، ماسوائے جہاں FERPA اجازت کے بغیر افشا کرنے کی اجازت دے۔ ایسی صورتیں جن میں معلومات کو بغیر اجازت افشا کیا جا سکتا ہے حسب ذیل ہیں:

✓ اس اسکولی اہلکاروں کے سامنے افشاء کرنا ہے جنہیں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری کی تکمیل کے واسطے کسی تعلیمی ریکارڈ کا * تجزیہ کرنے کی ضرورت ہو۔

✓ جب کسی اور ایسے اسکولی ضلع کے افسران ریکارڈ کی درخواست کریں جس میں آپ کا بچہ اندراج کا خواہاں ہے یا اندراج کی منصوبہ بندی کر رہا ہے یا پہلے سے مندرج ہے اگر یہ آپ کے بچے کے اندراجی یا منتقلی کے مقاصد کے لیے کیا جائے۔

✓ مخصوص تقاضوں اور پابندیوں کے تحت، افشاء کی دیگر شکلوں میں درج ذیل شامل ہیں (1) جانچ پڑتال یا تشخیصات یا تعمیل یا تنفیذی سرگرمیوں کے لیے جن کا تعلق تعلیمی پروگراموں کے لیے وفاقی قانونی تقاضوں سے متعلق ہوں مخصوص حکومتی ادارے (بشمول ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم اور نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم) کے مجاز نمائندے کو اجازت دینا (2) مالی امداد کیلئے جس کے لیے آپ کے بچے نے درخواست دی ہو یا وصول کی ہو، (3) نیویارک شہر کے محکمہ تعلیم کی اجازت سے تحقیق و مطالعہ کرنے والی تنظیموں کیلئے (4) تصدیق کنندہ تنظیموں کو تصدیق سے متعلق اپنے تصدیقی کام سر انجام دینے کے لیے(5) آپ کو، اگر آپ کے بچہ کی عمر 18 سال یا اس سے زائد ہے اور وہ اب بھی وفاقی انکم ٹیکس مقاصد کے لیے آپ کا دست نگر (dependent) ہوں (6) ایک عدالتی حکم یا عدالتی حاضری نامے پر عمل درآمد کیلئے (7) صحت یا ہنگامی صورت میں متعلقہ حکام کو (8) ایسی معلومات جو نیویارک شہر کے محکمۂ تعلیم نے "ڈائریکٹری" کے لیے تشکیل دی ہو، لیکن صرف اس صورت میں جبکہ آپ کو معلومات افشا کرنے کے عمل سے خارج ہونے کا موقع قبل از وقت دیا گیا ہو، اور محدود حالات میں اور/یا محدود جماعتوں کے لیے (9) عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) کے لیے آپ کے بچے کے کیس منصوبے تک بچوں کی بہبود کی ایجنسی کے مجاز نمائندوں کو اور (10) مفت یا رعایتی قیمت پر دوپہر کے کھانے (لنچ) سے متعلق مخصوص منصوبوں کے لیے ریاستہائے متحدہ کے کھانے اور غذائیت کے منظور کردہ نمائندگان کو۔

***اسکولی افسران میں درج ذیل شامل ہیں:**
محکمۂ تعلیم کے ملازمین ( جیسے کہ منتظمین، نگراں، اساتذہ، دیگر معلمین یا معاونتی عملے کے ارکان)؛ اور

وہ افراد جو محکمۂ تعلیم کے ساتھ ایسی خدمات فراہم کرنے اور ایسے کام کرنے میں مصروف ہیں جن کے لیے محکمہ اپنے ملازمین کو استعمال کرتا ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں (a) ٹھیکدار، (b) ایجنٹس (c) صلاح کاران (d) محکمۂ تعلیم سے وابستہ خدمات فراہم کرنے والی یا افعال انجام دینے والی حکومت کی دیگر ایجنسیوں کے ملازمین (e) والدین، طلبا، یا اسکولی اہلکاران ان کے کام یا ذمہ داریاں انجام دینے میں مدد کرنے والے دیگر رضاکاران۔ تعلیمی ریکارڈ سے قابل شناخت ذاتی معلومات کا استعمال اور دیکھ بھال کرنے والے افراد کو براہ راست DOE کا ماتحت ہونا لازمی ہے۔ مختلف طریقوں سے براہ راست قابو کیا جا سکتا ہے، جن میں تحریری معاہدہ شامل ہے مگر یہ اسی تک محدود نہیں ہے۔

- اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم FERPA کے مطلوبات کی تکمیل کرنے میں ناکام رہا ہے تو آپ ریاستہائے متحدہ کے محکمۂ تعلیم کے پاس ایک شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ شکایت کو دفتر برائے FERPA انتظامیہ کے پاس دائر کیا جاسکتا ہے:

**Family Policy Compliance Office**
**U.S. Department of Education**
**400 Maryland Avenue**
**SW Washington, DC 20202-8520**

- آپ کے بچے کی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو فروخت ہونے یا کسی بھی کاروباری مقاصد کے لیے افشا ہونے سے روکنا۔
- آپ کے بچے کے ذاتی طور پر قابل شناخت ذخیرہ کردہ یا منتقل ہونے والی معلومات کا تحفظ کرنے کے طریق کار موجود ہیں۔ ان پیش بندیوں کو لازماً صنعت کے معیارات اور بہترین طرز عمل پر پورا اترنا چاہیے۔ ایسے تحفظاتی اقدامات میں انکرپشن، فائر وال اور پاس ورڈ کے ذریعے تحفظ شامل ہیں۔
- طلبا کی معلومات کے تحفظ کی ممکنہ خلاف ورزی کے متعلق شکایت کریں اور ان کو حل کروائیں۔

شکایات کو نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم (NYSED) کو ذیل پر ای میل کریں CPO@mail.nysed.gov یا تحریر میں ذیل کو بھیجیں:

**Chief Privacy Officer**
**New York State Education Department**
**89 Washington Avenue**
**Albany, NY 12234**

- شکایات کو نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) کو ذیل پر ای میل کریں data-security@schools.nyc.gov یا تحریر میں ذیل کو بھیجیں:

**Office of the Chief Information Officer**
**Division of Instructional and Information Technology**
**New York City Department of Education**
**335 Adams Street**
**Brooklyn, NY 11201**

- NYSED کی جانب سے طلبا کی اکٹھا کی جانے والی معلومات کی تمام اقسام کی فہرست ذیل پر دستیاب ہے www.p12.nysed.gov/irs/sirs/documentation/NYSEDstudentData.xlsx۔

آپ ذیل کو تحریر کر کے بھی نقول حاصل کر سکتے ہیں:

**Office of Information & Reporting Services**
**New York State Education Department**
**Room 863 EBA**
**89 Washington Avenue**
**Albany, NY 12234**

صفحہ ... #


**ا**

اجتماعی/شہر پیما تعلیمی کونسلیں (CEC/CCEC) ... 1, 12
اسکالسٹک اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ (SAT) ... 31
اسکول بعد پروگرامز ... 14, 30
اسکول پر مبنی طبی مراکز (SBHC) ... 15
اسکول حفاظتی منصوبہ ... 21
اسکول سرچ آلہ کار ... 6
اسکول فائنڈر ... 7
اسکول فوڈ ... 20
اسکول کی قیادتی ٹیمیں ... 10, 12
اسکول کے کھانے ... 20
اسکول کے مشیران ... 3, 7, 9–10, 14, 30–34
اسکول کے معیار کی ایک جھلک اور رہنمائیاں ... 1
اسکول منسوخ ہونا ... I
اسکول میں قائم دماغی صحت ... 15
اسکول نرس ... 10, 20
اشاروں کی زبان کی خدمات ... 18
الجبرا ... 25–26, 28
الجبرا فار آل ... 3
ایلیمنٹری اسکول ... 3, 5–6, 23
امتیاز برتنا ... 21–22
انٹرنیشنل بیچلریٹ ... 30
اندراج (نیو یارک شہر میں داخلے) ... 3, 5–8, 25
انفرادی تعلیمی پروگرامز (IEPs) ... 12, 16, 19, 27
انگریزی بطور نئی زبان (ENL) ... 17
انگریزی زبان کے متعلمین (ELL) ... 17, 32
ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) ... 3, 30
ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ ... 26-27, 30
ایکسلسیئر اسکالرشپ (نیو یارک ریاست) ... 33
ایس سی ٹی ... 31–32
ایس اے ٹی اسکولی دن ... 31
ایس اے ٹی مضمون کے امتحانات ... 31
ای ایل اے امتحان (ریاستی) ... 7, 24
آئی ڈی این وائی سی ... 36

**ب**

بچے کے ساتھ بد سلوکی کی شکایت کرنا ... I
بے گھر طلبا/عارضی رہائش گاہوں میں مقیم طلبا ... 19

**پ**

پاتھ ویز ٹو گریجویشن پروگرام (P2G) ... 29
پانچ سو انتیس (529) کالج بچت پروگرام ... 32
پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) ... 35
پرلیمینری اسکالسٹک اپٹیبوڈ ٹیسٹ (PSAT) ... 31
پروگرامز (SBMHP) ... 15
پری کنڈر گارٹن ... 2, 5, 15, 23
پری کنڈرگارٹن کی ڈائریکٹری ... 5
پری کے فار آل ... 2
پری کے فائنڈر ... 5
پیلی بس کی خدمات ... 18–19
پینل برائے تعلیمی پالیسی (PEP) ... 2

**ت**

تجدید کردہ/رائز اسکول ... 4
ترجمانی کی خدمات ... 18
ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات ... 18
ترقی دینے کی پالیسی ... 12, 19, 26
تعلیم بالغان اور جاری تعلیم ... 4, 29
تعلیم کے ساتھ کام ... 33

**ٹ**

ٹرانسکرپٹ کی درخواستیں ... I

**ج**

جسمانی تعلیم ... 23, 26, 28
جسمانی معائنے ... 15

**چ**

چارٹر اسکول ڈائریکٹری ... 8
چارٹر اسکولز ... 8
چانسلر ... 1–2

**ح**

حاضری ... 13
حفاظتی منتقلیاں ... 22

**خ**

خاص تعلیم ... 10, 15–16
خاص تعلیم کے حوالوں کا طریقۂ کار ... 16
خان اکیڈمی ٹیسٹ پریپ ... 31
خاندانی استقبالیہ مرکز ... 5, 22
خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون (FERPA) ... 37–38
خاندانی معاونتی رابطہ کار ... 10

**د**

دفتر برائے خاص تفتیش (OSI) ... 22
دفتر برائے یکساں مواقع (OEO) ... 22
دوہری زبان پروگرام ... 17

**ڈ**

ڈپلومہ تصدیقات ... 30
ڈپلومہ کے متبادلات ... 29

**ر**

رسائی ... 15
ریاضی امتحان (ریاستی) ... 2, 7, 24
ریجنٹس ڈپلومہ ... 27–28, 30

**س**

ساتویں اور آٹھویں گریڈ کے مطلوبات ... 26
سائبر غنڈہ گردی ... 22
سب کے لیے احترام ... 21–22
سب کے لیے مساوات اور عمدگی ... 1–2
سمر ان دا سٹی ( موسم گرما اسکول) ... 19
سندیافتگی کے مطلوبات (ہائی اسکول) ... 28
سنگل شیپرڈ ... 3
سوشل میڈیا سے متعلق رہنما خطوط ... 21–22
سیفٹی ایجنٹ ... 10
سیل فون پالیسی ... 21

**صفحہ ..... #**

**ش**

شہر پیما تعلیمی کونسلیں..... 1, 12

**ص**

صبح کی گھنٹی ..... I, 1

**ط**

طالب علم کاضابطہ انضباط..... 21

طالب علم کی حاضری..... 4, 7, 13–14

طبی سہولیات ..... 15

طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم ..... 26, 28–29

**ع**

عالمی خواندگی..... 3

عبوری دولسانی تعلیم ..... 17

عطیات (کالج) ..... 32–33

عطیات (کالج) ..... 31–33

**غ**

غذائی بندشیں ..... 20

غنڈہ گردی ..... 21–22

غیر ڈپلومہ سندیافتگی کریڈینشیلز..... 29

غیر نصابی سرگرمیاں ..... 14, 27, 30

**ک**

کالج ایکسس ..... 4, 27

کالج ایکسس فار آل ..... 4

کالج درخواست..... 30, 32

کالج کے اخراجات ..... 34

کالج کے لیے مالی امداد..... 1, 14, 32–34, 38

کالج میں منتقلی..... 27, 33

کالج ناؤ..... 30

کمپیوٹر سائنس فار آل ..... 3

کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم ..... 16

کمیٹی برائے خاص تعلیم..... 16

کمیونٹی اسکول ..... 4

کنڈر گارٹن ..... 2, 6, 15, 23

کنڈر گارٹن ڈائریکٹری ..... 6

کیلنڈ ر ..... II

کیونی ارلی کالج..... 30

کے ..... 2-3, 5, 23

کے فار آل ..... 2-3, 5

**گ**

گھر پر تعلیم ..... 11, 35

گھریلو زبان کی شناخت کا سروے (HLIS)..... 17

**ل**

لائبریری کارڈز..... 36, IV

**م**

متخصص ہائی اسکول کا داخلہ امتحان (SHSAT)..... 7–8

محکمہ برائے نوجوانان اور برادری کا فروغ (DYCD) ..... 14, 30

مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات ..... 15

مڈل اسکول ..... 4–8, 15, 25

مڈل اسکول ڈائریکٹری ..... 6

مطالعے کی فہرست ..... 11, 36

مفت سافٹ ویئر..... 13

مقامی ڈپلومہ ..... 27, 29

مکمل کرایہ نقل و حمل ..... 18–19

منتقلی اسکول..... 29

منتقلی اور کالج رسائی مرکز ..... 27, 32

موسم گرما میں کھانے کا پروگرام..... 16, 20

مہتمم..... 10, 37

میٹرو کارڈز ..... 18–19

**ن**

نصف کرایہ نقل و حمل ..... 18–19

نقل و حمل..... 18–19

نقل وطنی (امیگریشن) صورت حال ..... 19, 22

نوبالغ برو مراکز (YABC)..... 29

نیند کی ضروریات ..... 14

نیویارک ریاست نشاندہی امتحان برائے انگریزی زبان کے متعلمین (NYSITELL)..... 17

**و**

والدین اساتذہ کانفرنس ..... II, 11

والدین رابطہ کار ..... 9, 11

والدین قائدین عہدے ..... 10, 12

والدین کی انجمن/والدین اساتذہ کی انجمن (PA/PTA) ..... 10, 12

والدین کے حقوق کا قانون..... 37

وفاقی طالبانہ امداد کے لیے مفت درخواست (FAFSA)..... 32–34

**ہ**

ہائی اسکول ..... 7, 25–31

ہائی اسکول ڈائریکٹری ..... 7, 25

ہائی اسکول میلے ..... 7

ہراساں کرنا..... 21–22

ہنر مند اور قابل پروگرام/امتحانات ..... 6

ہنگامی صورتحال میں معلوماتِ رابطہ..... 13



New York Public Library

Queens Library
Enrich your life®

Bklyn Public Library

تمام نیویارک شہر میں 200 سے زائد پبلک لائبریریاں ہیں۔ مفت لائبریری کارڈ آپکو کتابیں، DVDs, CDs اور دیگر مواد مستعار لینے کا موقع دیتے ہیں۔ مقامی شاخیں بچوں کے لیے تصاویر والی کتابوں کے مطالعے سے لے کر فلمی سلسلے، نظم پڑھنا، اور بالغان کے لیے کمپیوٹر کلاسوں کی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہیں۔

## ہدایات:

ایک لائبریری کارڈ حاصل کرنے کے لیے، براہِ مہربانی یہ درخواست مکمل کریں اور اسے ایک قابلِ قبول ID کے ساتھ اپنی مقامی لائبریری میں جمع کروادیں۔ بالغان ایک موجودہ نیویارک ریاست ڈرائیورز لائسنس، لرنرز پرمنٹ، یا دیگر تصویری شناخت دکھا سکتے ہیں۔ نو بالغان (17-13 سال کی عمر) موجودہ کام کے کاغذات یا اسکول ID دکھا سکتے ہیں۔ بچے (12 سال اور کم عمر )کے لیے ایک والدین یا قانونی سرپرست کے اس درخواست پر دستخط کروانے لازمی ہیں؛ والدین انکے بچے کے کارڈ پر مستعار لیے گئے مواد کے ذمہ دار ہونگے۔ قابل قبول شناختی فارمز اور آپکے نزدیک ایک لائبریری کے یے اپنی برو میں لائبریری کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ برونکس، مین ہیٹن اور اسٹیٹن آئلینڈ کے لیے **nypl.org** پر جائیں؛ بروکلن کے لیے **brooklynpubliclibrary.org** پر جائیں؛ کوئنز کے لیے **queenslibrary.org** پر جائیں۔ بالغان اور نوبالغان لائبریری کارڈ کے لیے آن لائین بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

### 1. ایک پر نشان لگائیں:

☐ بچہ (عمریں 12 اور کم) ☐ نو بالغ (عمریں 13-17) ☐ بالغان (عمریں 18 اور زیادہ)

### 2. طالب علم / لائبریری کارڈ رکھنے والے کی معلومات:

آخری نام ______ پہلا نام ______ درمیانہ نام/ حرف ______

تاریخِ پیدائش (سال / دن / مہینہ) ______ ☐ مرد ☐ عورت

سڑک کا پتہ ______ اپارٹمنٹ # ______

برو یا شہر ______ ریاست ______ زپ کوڈ ______

گھر کا فون ______ ای - میل پتہ ______

صارفین کی معلومات کا استعمال تینوں لائبریریوں کی راز داری کی پالیسی کے تابع ہے (**nypl.org, queenslibrary.org** اور **brooklynpubliclibrary.org** پر دستیاب ہے)۔

### 3. والدین / سرپرست (12 سال اور کم عمر کے لیے مکمل کرنا لازمی ہے):

آخری نام ______ پہلا نام ______ درمیانہ نام/ حرف ______

ای میل پتہ ______ فون نمبر ______ PIN ______

A یا B پر نشان لگائیں:

☐ A. میرا بچہ بالغان اور بچوں کے لیے مواد مستعار لے سکتا ہے

☐ B. میرا بچہ صرف بچوں کے لیے مواد مستعار لے سکتا ہے۔

والدین / سرپرست اپنے بچے کے کارڈ پر مستعار لیے گئے مواد کے ذمہ دار ہیں۔

والدین / سرپرست کے دستخط ______ تاریخ ______

### This Section is for Staff Use Only / یہ جز صرف عملے کے استعمال کے لیے ہے

Photo ID # ______ Address Verification Proof Log ______

☐ NEW ☐ LOST/REPL ☐ TRANSFER ☐ PTYPE Exp. Date ______ Complete: (Staff Initials) ______

IV

اس رہنمائی کی نقول کو ذیل پر ڈاون لوڈ کریں schools.nyc.gov/achievenyc۔

## مزید جانیں

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم آپکے گھر اور آپکے بچے کے اسکول میں آپکے بچے کی تعلیم کے متعلق اضافی معلومات اور ان کو تعلیمی معاونت فراہم کرنے کے بارے میں تبصرات فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: schools.nyc.gov۔

آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے یا **311** پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کی یہ پالیسی ہے کہ اسکے تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں نسل، رنگ، مذہب، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، عمر، معذوری، ازدواجی حیثیت، جنس، جنسی رجحان، یا جنسی شناخت / اظہار کی بنیاد پر امتیاز نہ برتا جائے، اور ایک جنسی ہراس سے پاک ماحول قائم رکھا جائے، جیسا کہ قانون کا تقاضہ ہے۔

NYC Department of Education

Bill de Blasio
Mayor

Richard A. Carranza
Chancellor